رسالہ کحالات شاہیہ

مصنّفین

حذاقت مآب طبیب شاہی مولوی حکیم غلام حسین صاحب
نقل بیاض مولانا محمد شفیع صاحب سکنے بھوٹی و جناب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ بَدَاَ لِکُلِّ دَاءٍ دَوَاءً وَ لِکُلِّ عِلَّةٍ شِفَاءً وَخَلَقَ اَنْوَاعَ الْغَرَائِبِ وَاَصْنَافَ الْعَجَائِبِ کَالْاِکْمَاسِ وَالزِّیْبَقِ فِی التُّرَابِ وَالْغَارِ وَفِی الْمَعْدَنِ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَسَمَّ الْفَارِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی شَافِیْ اَمْرَاضِ الْقُلُوْبِ وَتِرْیَاقِ اَعْرَاضِ الذُّنُوْبِ الَّذِیْ قَالَ مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ دَاءً اِلَّا اَنْزَلَ لَهٗ شِفَاءً وَاٰلِهٖ مَعْدَنِ الْجُوْدِ وَمَخْزَنِ الْحَیَاءِ وَاَصْحَابِهٖ اَشِدَّاءَ وَالرُّحَمَاءُ

شائقانِ علم طب اور ماہرانِ فن ویدک اور متلاشیانِ کشتہ پر مخفی نہ رہے کہ اس کتاب میں جو کچھ کشتے اور نسخے درج ہیں وہ سب کے سب حضرت مولانا و بالفضل اولٰینا مولوی محمد شفیع صاحب سکنہ بھوئی اور جناب حذاقت مآب حکیم شاہی مولوی غلام حسین صاحب بھیروی کے بیاض کی نقل ہیں جن کو ہم نے مولوی حکیم عبدالرزاق صاحب پوربی سند یافتہ مدرسہ طبیہ دہلی سے ترجمہ اور تصحیح کرواکر طبع کیا ہے۔ اس میں متعدد ہر قسم کے کشتے مثل شنگرف۔ ابرک۔ ہرتال۔ چاندی۔ سونا۔ تانبا۔ سنکھیا۔ فولاد وغیرہ اور نیز ہر مرض کیلئے علیحدہ علیحدہ ترکیب کے ساتھ درج ہیں اور خاص خاص امراض کے مفید اور سہل الوصول اور مجرب نسخے مثل باہ۔ امساک۔ لقوہ۔ وجع مفاصل۔ سوزاک۔ جریان منی۔ و آتشک سرعت انزال و قوت دماغ۔ دق۔ کھانسی۔ جذام۔ برص۔ بواسیر وغیرہ وغیرہ درج ہیں جو تیر بہدف کا کام دینے والے ہیں

شائقین کے لئے اس عجیب و غریب کتاب سے بڑھ کر اور کوئی کتاب نہیں اس میں وہ خاندانی نسخے ہیں جو سینہ بسینہ ہی چلے آتے ہیں یا بیاضوں پر درج ہیں تو خاص اُن ہی کے خاندان کے لوگوں کے سوا نہ کوئی دیکھ سکتا ہے نہ کسی کے ہاتھ لگ سکتے ہیں

کشتہ جات شنگرف

(۱) یہ ترکیب شنگرف کے کشتہ کرنیکی ہو امساک اور باہ کے واسطے
بہت مفید ہے:۔ شنگرف افیون ہر ایک ایک تولہ آب سفیدی بیضہ مرغ میں کھرل کریں
جب غلیظ ہو جاوے تو ایک خالی بیضہ مرغ کے اندر رکھیں اور اس خالی بیضہ کو سفیدی بیضہ
مرغ سے پُر کریں پھر دوسرے پوست بیضہ کا سر پوش بناکر اوپر رکھیں پھر بیضہ مرغ مذکور کو
آرد گندم سے لیپ کر کے خشک کریں پھر گل حکمت کر کے خشک کریں پھر بیضہ مذکور کو شاخ
دو شاخہ سے محکم باندھیں اور زمین کو بقدر ایک بالشت کے حصار کر کے اس مذکور کو
رکھیں اور نیچے اس کے چراغ روشن کریں اور ہر طرف خوب گرمی پہنچاویں۔ جب تین چھٹانک
تیل سوختہ ہو جاوے شنگرف کو نکال رکھیں۔ خوراک ایک چاول کے برابر۔ غذا میں روغن
زیادہ استعمال کریں اور جماع سے پرہیز لازم رکھیں بہت مفید ہے۔

(۲) ترکیب شنگرف کے کشتہ کرنے کی:۔

یہ کشتہ باہ کو قوت دیتا
ہے۔ درد کمر اور تمام سرد بیماریوں کو نافع ہے۔ شنگرف ایک تولہ۔ بھلانوہ نیم پاؤ۔
روغن زرد پاؤ۔ شہد خالص تین پاؤ۔ نصف روغن بھلانوہ اور شنگرف زرد نصف بالا دیگر
آہنی پتیلہ میں آگ روشن کریں جب تک پتیلہ آگ نہ لے۔ جب پتیلہ میں آگ لگ جائے آتش زیرین
کو دور کریں تاکہ ادویہ سوختہ نہ ہوں۔ بعد سرد ہونے کے شنگرف کو نکال کر میدہ بنائیں اور
ایک جائفل کا میدہ بناکر ملائیں۔ خوراک ڈیڑھ رتی گرم مزاج کو مسکہ کے ساتھ۔ سرد مزاج
کو شکر لونگ و قرنفل الائچی خورد کے۔ غذا نان گندم مرغن کھائیں اور بادی سے پرہیز رکھیں۔
فالج۔ لقوہ۔ تشنج اور بلغمی دردوں کو مفید ہے۔

(۳) ترکیب شنگرف کے کشتہ کرنیکی جو باہ کو قوت دیتا ہے :-

شنگرف کو پہلے زردی بیضہ مرغ میں کھرل کریں پھر آب پیاز سفید میں کھرل کریں پھر خالی بیضہ میں رکھ کر دوسرے خالی بیضہ کا سرپوش بنا کر اوپر رکھیں اور آرد گندم کا لیپ کر کے خشک کریں پھر گرم پانی میں تین بار غوطہ دیں بعد اس کے گرم حلوہ میں کہ اسی وقت تیار کیا ہو رکھ دیں جب سرد ہو جاوے دوا کو نکال کر میدہ بنا دیں خوراک گرم مزاج کو ایک برنج مسکہ کیساتھ اور سرد مزاج کو شکر کے ساتھ غذا نان مرغن کھائیں۔

(۴) ترکیب شنگرف کے کشتہ کی واسطے باہ اور بلغمی امراض کے خاص کر تشنج کو بہت مفید ہے :- شنگرف بقدر ضرورت ہتیلی میں باندھ کر بھینس کے گوبر کے پانی میں جو پانچ پاؤ ہو معلق لٹکا کر نرم آگ سے جوش دیں جب پانی جل جائے سوا سیر بھینس کے پیشاب میں ملائم آگ پر جوش دیں۔ جب پیشاب جل جائے دوسرے خرلیطہ میں باندھ کر گائے کے گھی میں کرچھے میں رکھ کر نرم آگ پر پکائیں۔ جب خرلیطے میں داغ لگ جائے اور خرلیطہ کچھ جل جائے شنگرف کو نکال میدہ بنا کر رکھیں اور ایک دانہ گندم کے برابر موافق مزاج کے کھلاویں۔

(۵) عمل جوگیانہ :- شنگرف تین تولہ۔ سنکھیا سفید تین تولہ۔ اجوائن آدھ سیر۔ درخت آکھ تین سیر۔ اجوائن کو کوٹ کر دو قرص تیار کریں اور اس کے درمیان سنکھیا اور شنگرف رکھ کر بڑے پتیلہ میں رکھ کر نیچے اس کے آگ روشن کریں اور آکھ کا شیرہ قطرہ قطرہ ٹپکا دیں اسی طور سے آٹھ پہر میں تمام شیر آکھ کا خشک کریں پھر دوا کو نکال کر میدہ بنا کر رکھیں۔ خوراک :- رائی کے دانہ کے برابر مسکہ کے ساتھ کھائیں۔ لقوہ اور جوڑوں کے درد اور قوت باہ اور تمام سردی بیماریوں کو بہت مفید ہے۔

(۶) شنگرف کے کُشتہ کرنے کی ترکیب:۔ شنگرف ۲ تولہ آکھ کے جڑ کے پانی میں جس کو کُوٹ کر نکالا ہو دو پہر کھرل کریں بعد اس کے گولی بنا کر سات دانہ بلادر کو نیم کوب کر کے زیر و زبر دیکر دو سیر یا چکنشتی کی آگ دیں سفید ہو جائیگا۔ خوراک ایک رتی باہ کے واسطے الائچی اور مصری کے ساتھ اور جذام کے واسطے طباشیر کے ساتھ اور استسقا کے واسطے بتاشہ میں رکھ کر کھلائیں۔ غذا نان مرغن کھائیں۔

(۷) شنگرف کے کشتہ کرنیکی ترکیب باہ کے واسطے:۔ شنگرف سیماب ہر ایک ایک تولہ تین عدد انڈے کی زردی میں کھرل کریں تاکہ ایک ذات ہو جائے پھر غلولہ بنا کر ساق پائے گاؤ ایک طرف سے سوراخ کر کے اُس کا مغز دُور کر کے اُس کے اندر سیماب و شنگرف مذکور کو ٹپکریں اور چوب وغیرہ سے بند کریں اور جو گوشت کہ استخوان پہ ہوتا ہے اس کے اوپر چسپاں کرے اور ایک دیگ میں رکھ کر دیگ کو پانی سے پُر کریں اور آگ روشن کریں اگر وہ پانی سوختہ ہو جائے دوسرا پانی ڈالیں۔ مطلب یہ ہے کہ گوشت استخوان سے خوب پختہ ہو کر جُدا ہو جائے۔ سرد کر کے دوا کو باہر لادیں خوراک ایک چاول مسکہ کے ساتھ۔ قوت باہ کے واسطے مجرّب اور مفید ہے۔

(۸) کُشتہ شنگرف:۔ شنگرف تولہ سم الفار تولہ روغن کہنہ زنجبیل اوّل زنجبیل کو نیم کر کے پانی سے تر کریں۔ صبح کو آب زنجبیل میں سم الفار کو چار پہر کھرل کر کے غلولہ بنا کر شنگرف کو اُس کے اندر رکھ کر پارچہ کرپاس اُس کے اوپر لپیٹ کر آرد گندم کا لیپ کریں اس طور سے کہ تین لیپ کرپاس اور تین لیپ آرد گندم کا ہو۔ پھر خشک کر کے اس کے اوپر مٹی معہ پنبہ کا لیپ کر کے خشک کر کے روغن مذکور میں چار پہر تک چوب کنار کی آگ دیں۔ جب سرد ہو جائے۔ شنگرف کو نکال کر بلا منڈبل کتہ میں ڈال کر چالیس روز تک گندم میں دفن کریں خوراک ایک مسکہ

کے ساتھ مجرب ہے۔

(۹) کُشتہ شنگرف :۔ شنگرف ۲ تولہ اسپند سوختنی آدھ سیر زیر و بالا دیکر سر تک سے ڈھانک دیں اور اطراف کو مٹی یا آٹے سے بند کر دیں اور چار پہر چوب کنار کی آگ روشن کریں تاکہ اسپند سوختہ ہو جائے پھر نکال کر عمل میں لاویں **خوراک** موافق مزاج کے کھلا دیں۔

(۱۰) شنگرف کے کشتہ سفید کرنے کی ترکیب :۔ شنگرف ۲ تولہ پوست بیضہ مرغ ۷ عدد۔ اول پوست بیضہ کو باریک میدہ کر کے ایک بوتہ میں شنگرف کے زیر و بالا رکھ کر سات لیموں کا عرق نچوڑ دیں۔ پھر بوتہ کو گلِ حکمت کر کے دو یا تین سیر پاچک دشتی کی آگ دیں کشتہ سفید رنگ ہوگا عمل میں لاویں۔

(۱۱) شنگرف کے کُشتہ کرنے کی ترکیب :۔ شنگرف تولہ۔ بھلانوہ آدھ پاؤ۔ شہد خالص آدھ پاؤ۔ موم خالص پا سیر۔ اجوائن آدھ پاؤ۔ روغن زرد آدھ سیر۔ زردی بیضہ مرغ ۱۲ عدد۔ اولاً شنگرف کو بھلانوہ میں رکھ کر اور بھلانوہ کو زیر و زبر رکھ کر آگ دیں۔ جب جل جائے روغن زرد ڈال کر جوش دیں۔ جب سوختہ ہو جاتے اُس کے بعد شہد اس کے بعد نصف موم و اجوائن زیر و نصف بالا دیکر جلا دیں۔ بعد اُس کے ڈلی مذکور کو زردی بیضہ مرغ میں ڈال کر ایک بوتہ میں رکھ کر گلِ حکمت کر کے چار سیر پاچک مادہ گوسفند کے آگ دے کر شنگرف کو نکال کر رکھیں۔ **خوراک** ایک چاول برابر مطابق مزاج کے اور آگ بیری کی لکڑی کی شرط ہے۔

کُشتہ جات ابرک

(۱) ابرک کے کُشتہ کرنے کی ترکیب :- ابرک جس قدر ہو پارہ پارہ کرکے پہلے سجی کا تیزاب لیکر ابرک کو لوہار کی دوکان میں خوب سُرخ کرکے تین بار یا زیادہ تیزاب سجی میں بجھاویں پھر دھو کر مٹی کے آبخورہ میں رکھ کر شورہ قلمی تہہ و بالا کرکے سر آبخورہ کو گل حکمت کرکے دس سیر یا چکدشتی کی آگ دیں۔ جب سرد ہو جاوے نکال کر پانی میں ڈالیں کہ تہ نشین ہو جاوے اوپر سے پانی کو گرائیں۔ جب شورہ کا مزہ دُور ہو جائے نگاہ رکھیں اور اگر بالا صاف رکھے استعمال کریں۔ ہضم طعام اور اشتہا کے واسطے مجرب ہے۔ نزلہ کے واسطے نیم ماشہ مصری کے ساتھ چالیس روز تک استعمال کریں۔ تپ محرقہ میں ایک ہفتہ کے بعد اور واسطے تپ صفراوی کے دُودھ والی اشیاء اور تُرش چیزوں سے احتیاط واجب ہے۔

(۲) ابرک کے کُشتہ کرنیکی ترکیب :- ابرک کو کُٹ مٹ کرکے پانی کے ساتھ خُوب کھرل کریں۔ جب حل ہو جائے قرص بنا کر مٹی کے برتن میں رکھ کر بدستور سرگین صحرائی کی سخت آنچ دیں۔ اسی طور سے مکرر عمل کریں تاکہ چمک بالکل جاتی رہے اور سُرخ رنگ ہو جائے۔ **خوراک** واسطے باہ اور سیلان منی و تپ و کھانسی و سوزاک کیلئے مفید ہے باہ اور سیلان منی کے واسطے لعاب اسپغول کے ساتھ کھائیں نہایت امساک لائیگا۔

(۳) ابرک کے کُشتہ کرنیکی ترکیب :- ابرک کو شورہ قلمی میں کُشتہ کرکے پانچ مرتبہ خالص پانی سے دھوئیں تاکہ شورہ کی تلخی دُور ہو۔ پھر خشک کرکے گھیکوار کے عرق میں کہ دو تولہ ہو کر کھرل کرکے قرص بنا کر چار سیر یا چکدشتی کی آگ

آگ دیں اس طور سے کہ زیر و زبر خندق ہو۔ تاکہ ضائع نہ ہو۔ پھر دو تولہ سرکہ میں کھرل کر کے آگ دیں۔ اسی طور سے تین مرتبہ آگ دیں تاکہ چھ تولہ سرکہ خرچ ہو۔ پس نگاہ رکھیں

خوراک :۔ ایک ماشہ بتاشہ کے ساتھ یا شربت زوفا یا شربت خشخاش کے ساتھ واسطے تپ دق کے سکنجبین و عرق گلاب یا شربت صندل کے ساتھ۔ سوزاک کے واسطے باہ کے آب پیاز سفید میں کھرل کر کے رکھیں۔ اگر آب پیاز سفید موجود نہ ہو تو قرنفل ۳ ماشہ جوز بوا ۳ ماشہ جوتری ۳ ماشہ باریک کر کے کشتہ ابرک کے ساتھ ملاویں اور مسکہ کے ساتھ کھاویں **خوراک** قدر برنج بلا ان ادویہ کے بھی بہت نفع رکھتا ہے۔

(۴) ابرک کے کشتہ کرنیکی ترکیب :۔ اوّل ابرک کو ریزہ ریزہ کریں پھر مولی کو مجوف کر کے ریزہ ہائے ابرک کو اُس میں پُر کریں اور پھر اُس مولی کے سوراخ کو دوسری مولی سے بند کریں پھر گِل حکمت کر کے پانچ سیر یا چکدشتی کے آگ دیں تپ کہنہ دق و سل کے واسطے خوراک نیم طباشیر و الائچی کے ساتھ کھلاویں مجرّب ہے۔

(۵) ابرک کے کشتہ کرنے کی ترکیب :۔ ابرک کو گھیکوار کے عرق میں کھرل کریں اس قدر کہ چمک جاتی رہے پس ایک رتی مسکہ کے ساتھ گرم مزاج والے کو اور گرم چیز کے ساتھ سرد مزاج والے کو دیں واسطے باہ اور سیلان منی اور بادی کے مفید و مجرّب ہے۔

کُشتہ جات ہرتال

(۱) **ہرتال کے سفید کرنے کی ترکیب :-** خاکستر درخت باٹا
اس کو کریر بھی کہتے ہیں ایک خار دار درخت ہے پھول سُرخ پتہ نہایت کم ایک سیر لیکر
اس کے درمیان میں ہرتال رکھ کر کسی طبق میں زیر و بالا رکھ کر دو چوبی آگ روشن کریں
ہرتال کشتہ سفید ہو جاوے گا - پرانے پتوں میں الائچی و طباشیر کے ساتھ کھلاویں
اور قوتِ باہ کے لئے گرم مزاج کو مسکہ کے ساتھ اور سرد مزاج کو الائچی کے
ساتھ کھلاویں - یہ نسخہ حکیم غلام حسین صاحب مرحوم -

خاکستر پیپل میں ہرتال کے کُشتہ کرنے کی ترکیب

خاکستر پیپل پانچ سیر چھلنی سے صاف کر کے تین حصے کریں - ایک حصہ خاکستر مذکور کا
گھیکوار کے پانی میں تین روز متواتر کھرل کر کے بوتہ بناویں پھر ہرتال بقدرِ ضرورت
اس بوتہ کے درمیان میں رکھ کر آپ گھیکوار سے لیپ کریں پھر اُس لیپ کو خاکستر
مذکور سے خشک کریں پھر ایک دیگ کلاں میں پہلے بارہ سیر ریگ رکھیں پھر اُوپر
اُس کے ایک حصہ خاکستر مذکور کا رکھیں پھر درمیان میں بوتہ مذکور کو رکھ کر اُس
کے اُوپر دوسرا حصہ خاکستر مذکور کا رکھ کر پھر بارہ سیر ریگ رکھ کر بیری کی لکڑی
کی آگ دیں اور دیگ کلاں کے اوپر گھاس سبز بچھا دیں - جب گھاس جل جائے
سرد کر کے شنگرف کو پیس کر رکھیں - **خوراک** گرم مزاج کو مسکہ کے ساتھ اور سرد
مزاج کو الائچی اور لونگ کے ساتھ بقدرِ مناسب کھلاویں - جمیع امراض باردہ
اور قوتِ باہ میں مجرّب ہے -

(۲) ترکیب ہرتال کے کُشتہ کرنے کی :- ہرتال تولہ پھٹکڑی تولہ دونوں کو خوب باریک پیس کر ایک بوتہ میں رکھ کر گِل حکمت کر کے بیس سیر یا زیادہ کنڈہ کی آگ دیں ہرتال سفید ہو جاتے گی سب پرانے بتوں میں خاص کر دق اور سل میں ست کرچ اور الائچی اور طباشیر کے ساتھ کھلادیں۔

(۳) ہرتال کے کشتہ کرنے کی ترکیب :- ہرتال ورقی سہاگہ تیلیا پھٹکری سفید ہر ایک ایک تولہ - سہاگہ اور پھٹکری کو میدہ کر کے ہرتال کے زیر و بالا فرش کر کے ایک بوتہ میں رکھ کر دہن بوتہ کو گِل حکمت سے محکم کر کے نسوا سیر یا چکلہ شتی کی آگ دیں جب سرد ہو جاوے جو سفید رنگ ہو رکھ لیں اور جو سنہرا رنگ ہو پھینک دیں۔ خوراک ایک سُرخ مسکہ کے ساتھ گرم مزاج کو اور دُودھ کے ساتھ کہ جس میں ۲۵ عدد خرما جوش دیا ہو سرد مزاج کو کھلائیں۔ تقویت باہ اور سلسل بول کے واسطے مجرب ہے۔

(۴) ہرتال کا کشتہ :- ہرتال سفید تولہ جست کی کٹوری میں رکھ کر کٹوری کو دیگ پر آگ میں رکھ کر آگ روشن کریں اور قطرہ آب نیلا دیاری کا ٹپکا دیں تا کہ سات سیر پانی خشک ہو عمل میں لاویں۔

(۵) ہرتال کے کشتہ سفید کرنے کی ترکیب :- ہرتال شورہ قلمی اوّل شورہ قلمی کو میدہ کر کے ہرتال کے زیر و بالا رکھ کر آٹھ سیر کنڈے جنگلی کی آگ دیں سفید ہو جائے گا کام میں لائیں یہ نسخہ مجرب ہے۔

(۶) کُشتہ ہرتال :- ہرتال گھیکوار کے عرق میں کھرل کر کے قرص بنا کر خشک کریں پھر ایک دیگ میں خاکستر پیپل اس قرص کے زیر و بالا رکھ کر اُس کے اُوپر

سر پوش دے کر چار پہر بیری کی لکڑی کی آگ دیں سفید ہو جائے گا نکال کر عمل میں لاویں۔

(۱) چاندی کے کشتہ کرنیکی ترکیب :۔ پہلے درم کو آگ میں خوب سُرخ کر کے دس مرتبہ روغن گاؤ میں بجھاویں پھر دو مرتبہ شہد میں بجھاویں بعد اُس کے ایک روپیہ پر درم مذکور کو رکھ کر دو کنڈے دونوں طرف سے رکھ کر آگ دیں۔ اسی طور سے سولہ یا بیس مرتبہ آگ دیں کُشتہ ہو جائے گا۔ غرض یہ ہے کہ آگ دینے میں عدد شرط نہیں تیار ہونے تک آگ دیتے جائیں۔ اگر جلدی تیار نہ ہو، نا اُمید نہ ہوں اس واسطے کہ ترکیب مجرّبات سے ہے کشتہ مذکور سیلان منی اور قوّتِ باہ کو مفید ہے

خوراک گرم مزاج کو ایک چاول برابر مسکہ کے ساتھ یا بتاشہ کے ساتھ جس کو شیر بوہڑ میں تر کیا ہو اور سرد مزاج کو مصری اور شیر کے ساتھ ایک چاول کھلاویں

دُوسری ترکیب :۔ نقرہ کو شیرۂ اجوائن میں آٹھ روز رکھیں پھر برگ سبز اجوائن کوٹ کر زیر و بالا فرش کر کے ایک بوتہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے بارہ سیر پاچک دشتی کی آگ دیں تیار ہو جائیگا۔ استعمال بطریق بالا کریں۔

(۲) ترکیب چاندی کے کشتہ کرنے کی :۔ نقرہ محمّد شاہی کو آٹھ روز تک شیرۂ اجوائن میں تر کریں نویں روز برگ و شاخ اجوائن کو نرم ہو کوٹ کر روپیہ کو اُس کے اندر رکھ کر پرانے کپڑے میں لپیٹ کر تین یا چار سیر سرگین صحرائی کی آگ دیں۔ اگر ایک مرتبہ میں تیار نہ ہو مکرّر عمل کریں کُشتہ ہو جائے گا۔ اگر اجوائن کے برگ تازہ دستیاب نہ ہوں اجوائن خراسانی زرد رنگ ایک پاؤ لا کر سرنگی خانگی جس کو تہاپے کہتے ہیں لیکر اُس کے اندر گڑھا کر کے اجوائن تہہ و بالا دے کر دوسرے تھاپے سے پوشیدہ کر کے آگ اُوپر کی طرف سے دیں اگر ایک مرتبہ میں شگفتہ نہ ہو مکرّر

عمل کریں۔ خوراک ایک چاول کے برابر مسکہ کے ساتھ غذا نان مرغن مجرب ہے

(۳) چاندی کے کشتہ کرنیکی ترکیب :۔ قوتِ باہ کے واسطے نقرہ خالص جس قدر ہو کوٹ کر اُس بوتہ کا نقرہ تیار کریں اور اُس بوتہ کے اندر ہرتال طبقی کا قطعہ رکھ کر بوتہ نقرہ کو بوتہ گلی میں رکھ کر گلِ حکمت کر کے چار سیر سرگین صحرائی کے آگ دے کر سرد کر کے رکھیں پھر اُس نقرہ کو دھنورہ سیاہ پانی میں کھرل کر کے آدھ پاؤ شراب برانڈی میں کھرل کر کے خوراک ایک سُرخ مزاج کے موافق مجرّب ہے۔

(۴) چاندی کے کشتہ کرنے کی ترکیب :۔ نقرہ ایک تولہ مارقشیشا یعنی سونہہ مکھی دو تولہ ۔ سونہہ مکھی کو زیر و بالا نقرہ کے ایک بوتہ میں رکھ کر اُس بوتہ کو گلِ حکمت کرے ۔ بارہ سیر کنڈے کی آگ میں کشتہ ہو جائے گا پھر استعمال میں لاویں ۔

(۵) چاندی کے کُشتہ کرنیکی ترکیب :۔ کوٹھ ۹ ماشہ ۔ عاقرقرحا ۹ ماشہ دل جوائن سب دواؤں کو باریک پیس کر تیس ٹُکیاں بنادیں پھر ایک بڑے کنڈے میں گہرا کر کے نصف ماشہ دوا نیچے اور نصف ماشہ اوپر رکھیں اور ایک روپیہ درمیان میں رکھکر دوسرے کنڈے سے ڈھاک دیں اور ہر مرتبہ روپیہ کو بدلتے رہیں یعنی طرف زیریں کو بالا اور طرف بالا کو زیریں اسی طرح پندرہ مرتبہ نیم آثار پاچکہ شتی کی آگ دیں اور پندرہ مرتبہ تین پاؤ پاچکہ شتی کی آگ دیں جملہ تیس مرتبہ آگ دیں شگفتہ ہو جائے گا۔ پھر قرنفل ۴ ماشہ ۔ طباشیر ۳ ماشہ ملا کر رکھیں خوراک بقدر مناسب گرمی کے دنوں میں مسکہ کے ساتھ دیں اور سردی کے دنوں میں بتاشہ کے ساتھ جس کو شیر بوٹی میں تر کیا ہو ۔ باہ کو بہت مفید ہے ۔

(۶) ترکیب چاندی کے کشتہ کرنے کی :- ہلدی تر دو تولہ
پاچکدشتی میں زیر و بالا رکھ کر بطریق معلوم تین سیر سرگین کی سات مرتبہ آگ دیں شگفتہ ہو جائیگا
خوراک موافق مزاج کے نافع باہ ہے اور امساک پیدا کرتا ہے۔

(۷) چاندی کے کشتہ کرنیکی ترکیب :- اجوائن آدھ سیر کوٹ کر تین حصہ
کریں اور چاندی کو اُس کے درمیان میں رکھ کر ملفوف کر کے تین سیر سرگین صحرائی کے آگ
دیں پھر راٹ رسٹ آدھ پاؤ لے کر دیگ میں ایک سیر کی آگ دیں کُشتہ ہو جاوے گا
عمل میں لاویں۔

(۸) نقرہ کے کُشتہ کرنیکی ترکیب :- چاندی کو گرم کر کے بیس مرتبہ
گائے کے پیشاب میں بجھاؤ دیں۔ پھر رسکپور ایک تولہ باریک کر کے بوتہ میں زیر و بالا
فرش کر کے بوتہ کو گل حکمت کر کے چار سیر سرگین صحرائی کی آگ دیں کشتہ ہو جائے گا۔

(۹) طریق کشتن ذہب و فضہ مسبوکب و غیر مسبوکب :- اوّل
آب لیمو ایک پہر میں ڈول جنتر کرے بعد ازاں عرق کنوار کنڈل میں ایک پہر ڈول جنتر کرے
اس کے بعد راٹ رسٹ سفید کو غلولہ بنا کر اس کے درمیان میں رکھ کر گل حکمت کر کے
ایک گڑھے میں کہ گز در گز ہو آگ دس دار پاچکدشتی کے دیں شگفتہ ہو جائے گا۔ اگر
شگفتہ نہ ہو مکرّر عمل کریں۔ خوراک چاول برابر برگ پان یا برگ کنار کے
ساتھ کھائیں۔

کشتہ جات مس یعنی تانبہ

(۱) تانبہ کے کشتہ کرنیکی ترکیب ، یہ کشتہ قوتِ باہ کیواسطے بے مثل ہے

برگ دوانہ دہودل چھتری نیم پاؤ کوٹ کر دو قرص بنا دیں ۔ جمالگوٹہ چھٹانک پیس کر اس کے بھی دو قرص بنا دیں اور رانگھ تین چھٹانک لیکر پوتہ اور سرپوش اس کا تیار کریں پھر ایک قرص جمالگوٹہ کا رکھ کر اس کے اوپر دہودل بوٹی کا قرص رکھیں ۔ پھر اس کے اوپر فلوس کو رکھ کر پھر جمالگوٹہ اور دہودل کا قرص رکھ کر سرپوش قلعی سے بند کر کے مضبوط کر کے تین سیر پرانے موم میں لپیٹ کر ہوا سے محفوظ جگہ میں آگ دیں جب سرد ہو جائے نکال لیں مس سفید رنگ کشتہ ہو جائے گا اور قلعی ثابت رہے گی خوراک مقدار مناسب نرم مزاج کو مسکہ کے ساتھ کھلاویں نہایت مجرّب ہے ۔

(۲) مس کے کشتہ کرنیکی ترکیب :۔ تانبہ کا ورق بنا کر گندھک کے تہ و بالا بچھا دیں اور کشتہ کریں ۔ جب کشتہ ہو جائے نمک کے ساتھ باریک پیس کر اس پر پانی گرائیں اور صاف کریں ۔ جب سیاہی دور ہو جائے گھیکوار کے پانی میں کھرل کر کے رکھیں اور جمالگوٹہ تین تولہ کوٹ کر دو قرص بنائیں اور قلعی تولہ کا ورق تیار کر رکھیں مس کو جمالگوٹہ کے قرص میں رکھ کر اوپر سے قلعی لپیٹ کر پانچ پاؤ لتہ میں محکم کر کے ہوا سے محفوظ مکان میں آگ دیں سفید ہو جاوے گا ۔ پھر فقط کشتہ کو لے کر سنکھیہ کے ساتھ خوب سحق کر کے دس سیر پاچک دشتی کے آگ دیں خوراک ایک برنج مسکہ کے ساتھ تنبیہہ مس کے کشتہ جات میں بہت احتیاط لازم ہے ۔ ضرورت اشد استعمال نہ کرنا چاہیئے اور جب تک کشتہ پر اعتماد نہ ہو استعمال نہ

کریں۔ کیونکہ کشتہ کے استعمال سے غشی، متلی، قے دوران سر لاحق ہوتا ہے
لہٰذا احتیاط واجب ہے۔

(۴) مس کے کشتہ کرنیکی ترکیب جو باہ کیواسطے مجرّب ہے:-

پیسے کو قلعی میں لپیٹ کر سوا سیر پرانے کپڑے میں پیچیدہ کر کے ہول سے محفوظ جگہ میں آگ دیں
فلوس اور پارہ اس کے برابر لیکر منڈی بوٹی کے پانی میں کھرل کریں اس طور سے کہ ایک مرتبہ
بوٹی کے پانی میں کھرل کر کے پکا دیں اور ایک مرتبہ خالص پانی میں تاکہ سخت ہو جائے پھر
غلولہ کر کے چھوٹے بوتہ میں آگ دیں۔ اگر سفید ہو جائے تو بہتر ورنہ مکرّر آگ دیں
خوراک ایک رتی مسکہ کے ساتھ غذا گیہوں کی روٹی و روغن زرد مجربات سے ہے۔

(۵) ایضاً:- پاؤ قلعی کی دو کٹوری تیار کریں اور رجما لگوٹہ چھٹانک لیکر باریک
پیس کر میدہ بنا کر کٹوری زریں میں نصف رکھ کر دہودل کلاں کا دانہ جس قدر رجما لگوٹہ پر
اسکے چھڑکیں۔ پھر ایک پیسہ اس کے اوپر رکھ کر دہودل کا دانہ چھڑک کر جو جما لگوٹہ باقی
ہے دانہ مذکور پر رکھ کر کٹوری پر سرپوش دوسری کٹوری کا رکھ کر خوب محکم کر کے تین سیر
پرانے کپڑے سفید میں لپیٹ کر اس طور سے کہ سرپوش اوپر کی جانب رہے۔ پھر ایک
مٹی کے برتن میں رکھ کر اوپر کی طرف سے آگ دیں سفید ہو جائیگا۔ خوراک چاول برابر
مسکہ کے ساتھ۔ غذا نان مرغن کھائیں۔

(۶) ایضاً:- مس کو ورق ورق کر کے کڑاہی میں ڈال کر ریشہ ٹرھ بیخ آکھ یا بیخ پنبھ
کندوسے چمچہ مار کر خشک کریں واسطے جمیع امراض خاص کر باہ کے واسطے مجرّب ہے۔ موافق
مزاج کے کھلائیں خوراک ایک رتی کھلاویں۔

(۷) ایضاً مس کا کشتہ سوداکیواسطے مجرّب ہے:- مس کو کڑاہی

میں ڈال کر آگ روشن کریں اور تھوڑی تھوڑی شکر اس کے اوپر چھڑکیں اور تھوڑے سے چلاتے رہیں تاکہ خشک ہو جائے۔

(۸) **ایضاً**:۔ فلوس ایک عدد۔ حب الملوک ۴ تولہ۔ فلوس کو حب الملوک کے اندر رکھ کر غلولہ بنا کر قلعی ایک تولہ کو کوٹ کر ورق بنا کر غلولہ پر لپیٹ کر پھر ایک پائو پارچہ سفید میں لپیٹ کر ایک سیر پاچک دشتی کی آگ دیں۔ جب سرد ہو جاوے باہر لاویں۔ سفید ہو جائے گا۔ **خوراک** ایک چاول برابر کھلاویں۔ قوت باہ کے واسطے نہایت مفید ہے اور تمام امراض جمیعہ کو دور کرتا ہے اور محلوق وصرع اور بواسیر وغیرہ کو نافع ہے۔

(۹) **ایضاً**:۔ فلوس کو سرخ کر کے بیخ پلاس یعنی چھچھرہ کے عرق میں سات مرتبہ بجھاؤ دیں اور عشبہ میں سات مرتبہ بجھاؤ دیں اور عرق تمباکو میں سات مرتبہ بعد ازاں بیخ پلاس ایک سیر کوٹ کر غلولہ فلوس کو اس میں رکھ کر تین بار گل حکمت کر کے ایک گڑھے میں کہ گز در گز ہو آگ دو مدار کنڈوں کی دیں شگفتہ ہو جائیگا۔ **خوراک** ایک برنج برگ پان یا برگ کنار میں رکھ کر کھائیں۔ لیکن پہلے جلیبی تازہ نیم سیر کھانا چاہیئے، اس کے اوپر کھائیں۔ تین روز بطریق مذکورہ اشتہاء اور باہ حد سے زیادہ پیدا کرتا ہے۔ روغن زرد بہت استعمال کرنا چاہیئے۔

کشتہ جات سنکھیہ ہر قسم

(۱) **کشتہ سنکھیہ سفید**:۔ ایک نشت کہ جس کا عمق چار انگشت دنیمہ ہو لیکر اس میں گہرا کر کے سنکھیہ مذکور رکھ پر کریں اور اس کے اوپر کٹوری تانبہ کی رکھ کر بند کریں۔ اور اس کے نیچے انگور کی لکڑی کی آگ روشن کریں۔ جب آٹھ پہر تمام ہو جائے سنکھیہ کا جوہر

نکال کر دو پہر ادرک کے عرق میں کھرل کر کے گولیاں مرچ سیاہ کے برابر بنا کر استعمال کریں

(۲) ایضاً :- کہ باہ اور تمام اعضاء کو قوت دیتا ہے اور امساک پیدا کرتا ہے اور ہاضم طعام ہے ۔ سنکھیہ زرد تولہ عرق لیموں میں کہ سات سیر شاہی ہو کھرل کریں کشتہ ہو جائیگا بلا آنچ دیئے۔ خوراک باجرہ کے دانہ کے برابر مسکہ کے ساتھ تمام سرد امراض کو نافع کرتا ہے اور راقم کا مجرب ہے ۔

(۳) ایضاً :- سم الفار تولہ ایک سیر گوشت گاؤ کے ساتھ جو با مصالحہ ہو دیگ میں رکھ کر ڈول جنتر کرے ایک پہر ملائم آگ دے اسی طور سے چالیس آگ دیکر رکھیں خوراک :- ایک باجرہ کے دانہ کے برابر گوشت تازہ میں رکھ کر نگل جائیں ۔ چالیس روز تک حکم اکسیر کا رکھتا ہے ۔

(۴) ایضاً :- سم الفار سفید ایک تولہ منجھل دو تولہ گائے کا گوشت آدھ سیر کہ ایک ٹکڑا ہو پارہ کرکے منجھل کو مبدہ کر کے زیر و زبر سنکھیہ کے دیکر سوراخ گوشت کو سوزن سے بند کر کے یعنی سی کر ایک ہانڈی میں پانی بھر کر آگ روشن کریں جب گوشت، کمال نرم ہو جائے سرد کر کے دوا کو نکال لیں اور اگر پانی قبل خوب نرم ہونے گوشت کے تمام ہو جائے دوسرا پانی ڈالیں خوراک چاول برابر مسکہ کے ساتھ دیں ۔ غذا نان مرغن کھلائیں ۔

(۱) کشتہ فولاد :- برادہ فولاد کو کنار کے پانی میں تر کر کے خشک کریں ۔ جب پانی خشک ہو جاوے فولاد کشتہ ہو جائے گا ۔ موافق مزاج کے عمل میں لائیں کمال مجرب ہے ۔

(۲) برادۂ فولاد کو ہاتھی سُنڈی کے پانی میں تر کر کے آفتاب میں

رکھیں جب خشک ہو جائے باریک کرکے خوراک موافق مزاج کے کھلاویں۔ ہاتھی سنڈھی شاید زنجبیل کی قسم سے ہے۔

(۳) فولاد کا کشتہ قوت باہ اور یرقان اور سیلان منی کو مفید ہے:۔

فولاد کو ایک سیر درخت بتولی کے پانی میں ڈال کر ادوسرا پانی ڈال کر نیچے اس کے آگ روشن کریں تاکہ تمام پانی خشک ہو جائے۔ بعد اس کے نکال کر غلولہ باندھ کر تیسرے دن مبیدہ کر کے رکھیں موافق مزاج کے عمل میں لاویں مجرب ہے۔

نسخہ جات مقوی باہ و تقویت اعضاء

(۱) سفوف چوب چینی:۔ نسخہ تمام اعضاء کو قوت دیتا ہے اور مقوی باہ ہے۔ پرانی آتشک اور دوسری سوداوی بیماریوں کو مفید ہے اور چہرہ کا رنگ صاف کرتا ہے۔ اس کے استعمال سے چہرہ خوش رنگ مثل گلاب کے ہوتا ہے **ص** چوب چینی آدھ پاؤ۔ مصطگی رومی دو تولہ۔ الائچی خورد دو تولہ۔ گل سرخ دو تولہ۔ گاؤزبان دو تولہ نبات سفید مساوی الوزن۔ کل ادویہ کو باریک کر کے سفوف بناویں **خوراک** ۷ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان یا عرق بادیان یا عرق گلاب یا عرق بید مشک۔ غذا شوربا اور دال مونگ مفتش مرغن ترشی اور بادی سے پرہیز کریں۔

(۲) معجون:۔ یہ نسخہ باہ کے واسطے اکثر آزمایا گیا ہے اور مفید ثابت ہوا ہے۔ **ص** پوست بیخ سینبھل جوان یکسالہ۔ بہمن سفید تولہ۔ تالم کھانہ تولہ۔ دار چینی تولہ۔ ثعلب مصری تولہ۔ کمرکس تولہ۔ موچرس تولہ۔ ترنجبین مصری دو چند کل ادویہ پہلے مصری کا قوام کریں پھر سب دواؤں کو کوٹ چھان کر ملا کر معجون تیار کریں **خوراک** ہر روز

ایک تولہ شیر گاؤ کے ساتھ کہ دو عدد خرما اور ۶ ماشہ دارچینی اُس میں جوش دیا ہوا کھایا کریں غذا نان مرغن اور گوشت مرغن کھائیں ۔

(۳) **ایضاً** :- باہ زیادہ کرتا ہے امساک لاتا ہے ۔ تخم اَلسی آدھ پاؤ ۔ خشخاش آدھ پاؤ ۔ بہمن سُرخ تولہ ۔ بہمن سفید تولہ ۔ مغز بادام آدھ پاؤ ۔ پھلی ببول دارچینی دو تولہ ۔ چہار تخم ہر ایک آدھ پاؤ ۔ روغن زرد سوا پاؤ ۔ شکر سُرخ پونے دو سیر پہلے شکر میں تھوڑا پانی ملا کر جوش دیں پھر روغن زرد ملا کر قوام کریں پھر دوسری دواؤں کو کُوٹ کر اُس میں قوام ملاویں ۔ **خوراک** ہر روز سوتے وقت تین تولہ شیر گاؤ کے ساتھ کھاویں ۔ بادی اور ترشی چیزوں سے پرہیز کریں ۔

(۴) **گولیاں مقوّی باہ** :- بج تولہ ۔ تالمکھانہ تولہ ۔ کمرکس تولہ ۔ گوند ببول تولہ ۔ کتیرا تولہ ۔ سب دواؤں کو کُوٹ چھان کر شیر برگد میں ملا کر کنار صحرائی کے برابر گولیاں بناویں اور ایک گولی عصر کے وقت کھائیں اور شام کے بعد پاؤ سیر دُودھ دو تولہ مصری ملا کر نوش کریں ۔ تُرشی اور بادی چیز سے پرہیز کریں بہت مفید ہے ۔

(۵) **نسخہ دیگر** کہ سُرعتِ انزال کو دفع کرتا ہے اور امساک کرتا ہے ۔ کمر کے درد ۔ سرد بیماریوں کو دفع کرتا ہے ۔

عشق زد جام :- ان حرفوں سے یہ ادویہ مراد ہیں ۔ ہر دوا کا اوّل حرف لکھا گیا ہے ۔ چنانچہ عین سے عاقرقرحا ۔ شین سے شنگرف اور قاف سے قرنفل ، زے سے زعفران ، دال سے دارچینی ، جیم سے جائفل ، الف سے افیون اور میم سے مُشک مراد ہے اور مُشک کا بدل مصطگی ہے ۔ ہر ایک ۳ ماشہ لیکر کھرل کریں اور شہد خالص کے ساتھ گول مرچ کے برابر گولیاں بناویں ۔ کھانے سے قبل ایک گولی دُودھ کے

ساتھ کھائیں۔

(۶) **نسخہ نافع سوزاک**:۔ تخم خربوزہ۔ تخم کدو۔ نے شیریں۔ تخم خرفہ۔ تخم بنگ سفید۔ تخم خیار۔ تخم خشخاش۔ نشاستہ۔ گوند ببول۔ گوند کتیرہ ہر ایک ۶ ماشہ مصری ۳ تولہ۔ سب دواؤں کو کوٹ کر سفوف بنا دیں خوراک ۷ ماشہ سرد پانی کے ساتھ سوزاک اور سوزش بول کو مفید ہے۔

(۷) **عمل جوگیانہ کہ باہ کو قوت دیتا ہے اور تمام اعضاء کا مقوی ہے**

برگ گل و پوست بیخ نیم جملہ برابر کوٹ کر نصف اس کا شہد اور نصف اس کا روغن گاؤ ملا کر گولیاں کنار دشتی کے برابر بنا دیں۔ خوراک ایک گولی دودھ کے ساتھ کھائیں اور ہوا سے محفوظ رہیں۔

(۸) **نسخہ کہ لقوہ کو اور جوڑوں کے درد کو بہت مفید ہے اور باہ کو قوت دیتا ہے**:۔ سنکھیہ سفید ایک تولہ۔ آب سپند تین سیر۔ اجوائن آدھ سیر پہلے اجوائن کو کوٹ کر دو ٹکیہ بنا دیں اور سنکھیہ ان کے درمیان میں رکھیں اور بطریق بالا دوا کو پتیلے میں رکھ کر نیچے اس کے آگ روشن کریں اور قطرہ قطرہ آب نکو ٹپکاتے رہیں۔ جب پانی خشک ہو جائے دوا کو نکال رکھیں۔ خوراک دانہ باجرہ کے برابر مسکہ کے ساتھ۔ غذا نان مرغن کھائیں۔

(۹) **نسخہ کہ سوزاک اور جریان کو مفید ہے**:۔

برگ پان سایہ میں خشک کر کے برابر اس کے شکر ملا دیں اور مسکہ کے ۹ ماشہ کھلائیں۔

(۱۰) **نسخہ مقوی باہ**:۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ تخم کنوچہ۔

تالمکھانا - بہمن سُرخ - بہمن سفید - تودری سُرخ - تودری سفید - ثعلب مصری -
جوتری - خرما - خار خشک ہر ایک دو نیم تولہ - خشخاش سفید تین تولہ - عاقرقرحا
تولہ - زنجبیل تولہ - ستاور - شقاقل ہر ایک دو نیم تولہ - گل سپند ۳ تولہ - سریالہ تولہ -
تخم اسگن دو نیم تولہ - شکر سفید سب دواؤں کے دوچند - سب دواؤں کو کوٹ چھان
کر شکر سفید ملا کر سفوف بنا دیں - خوراک ایک کفِ دست بوقت صبح اور ایک کفِ دست
بوقتِ شام اور ترشی سے پرہیز کریں - گائے یا بکری کا دُودھ تازہ نوش کریں -

(۱۱) **ایضاً** پوست بیضہ مرغ پردہ اندرونی دفع کیا ہوا - گندھک -
لونگ - پارہ گل برابر لیکر تین روز کھرل کریں پھر شہد میں ملا کر گول مرچ کے برابر
گولیاں بنا دیں خوراک دو گولی -

(۱۲) **حب کہ شرطیہ امساک لاتی ہے** :- قرنفل - دارچینی -
مصطگی - گوکھرو - فی تین ماشہ - زعفران ۲ ماشہ - مشک خالص ایک ماشہ -
افیون ایک ماشہ - سب دواؤں کو خوب پیس کر چھوٹے بیر کے برابر گولیاں بنا دیں
چار گھڑی دن باقی رہے ایک گولی کھائیں بالائش طعام مگر حب برگ پان اور اگر شیر
موجود ہو نیم آثار نوش کریں مفید ہے -

(۱۳) **امساک کا دُوسرا مجرّب نسخہ** :- چلغوزہ تولہ مغز بادام ۴ تولہ
نارجیل ۶ تولہ - خرما آدھ پاؤ - زعفران ایک ماشہ - لونگ ۴ ماشہ - دارچینی ایک ماشہ
افیون ایک ماشہ - الائچی خورد ۲ تولہ - الائچی کلاں ۲ تولہ - موچرس ۴ تولہ - جوتری ۲ ماشہ
عبدکار ۲ ماشہ - مصطگی رومی ۲ ماشہ - موصلی سیاہ ۲ ماشہ - موصلی سفید ۲ ماشہ -
اجوائن ایک ماشہ - نیز ماہی ایک ماشہ - کلونجی ۴ ماشہ - دار فلفل ۶ ماشہ خشخاش سفید

۴ تولہ۔ سب دواؤں کو کوٹ کر باریک کریں۔ شیر بادہ گاؤ کو خوب جوش دیکر غلیظ کر کے شکر سات سیر شاہی اور سب دوائیں ملا کر حلوہ سخت ملا دیں۔ اور اگر گولیاں بقدر ۳۳ ماشہ کے باندھ کر رکھیں۔ خوراک ایک گولی۔ ترش اور بادی چیزوں سے پرہیز رکھیں۔

(۱۴) ایضاً خرما ایک سیر۔ شیر گاؤ دو سیر۔ خرما کو شیر میں ڈال کر جوش دیں تاکہ خشک ہو جائے۔ پھر روغن گاؤ آدھ سیر داخل کر کے بریاں کریں اور نبات سفید ایک سیر زعفران ایک دم۔ دارچینی ۳ دام۔ مصطگی رومی ایک دام۔ جوتری ۳ دام۔ قرنفل ایک دام ثعلب مصری ۴ دام۔ عرق گلاب ایک دام۔ سب ادویہ کو ملا کر بطریق معجون تیار کر کے خوراک بقدر ۶ ماشہ کھائیں۔ ترشی اور بادی چیزوں سے پرہیز رکھیں۔

(۱۵) دوسرا نسخہ :۔ ہرتال ۲ تولہ۔ شیر زقوم ایک پاؤ۔ پارہ ۹ ماشہ آملہ سار ۳ ماشہ سب کو کھرل کر کے قرص بنا دیں بعدہٗ در دیگ قلعی تہ و بالا دے کر چھال پیپل نیز ربعہ اور ایک ربعہ بالا دیکر بیری کی لکڑی کی آٹھ پہر آگ دیں۔ پھر سرد کر رکھیں خوراک ۲ رتی مجرب ہے۔

(۱۶) ایضاً :۔ قوت دیتا ہے اور امساک لاتا ہے۔ زعفران ایک ماشہ صدف سوختہ ۲ ماشہ۔ گل سرخ ۲ ماشہ۔ مغز تمر ہندی ۴ ماشہ۔ ثعلب مصری ۴ ماشہ مغز بادام ۸ ماشہ۔ ترنجبین ۸ ماشہ۔ مصری سب دواؤں کے برابر کوٹ چھان کر سفوف بنا دیں۔ خوراک ایک تولہ مجرب ہے۔

(۱۷) قلعی کے کشتہ کرنیکی ترکیب :۔ تل سیاہ کے تیل میں جو قوت باہ وغیرہ کو بہت مفید ہے۔ رانگ کو تل سیاہ کے تیل میں سو مرتبہ بجھا دیں۔

پھر لیموں کے عرق میں سو مرتبہ - پھر لعاب گھیکوار میں جو قریب ایک سیر کے ہو چالیس بجھاویں پھر سنبھالو کے عرق میں چالیس مرتبہ - پھر سرس کے عرق میں چالیس مرتبہ - پھر گائے کے دہی میں چالیس مرتبہ - پھر شراب میں چالیس مرتبہ بجھاؤ دیکر پترہ بناکر پھر اُس پر دوسیر شاہی پارہ مل کر چھوٹے چھوٹے کر کے اور ٹاٹ کا ٹکڑا بقدرِ نیم آثار ہو - ایک سیر دھول کہ جس کو سایہ میں خشک کیا ہو بجھا دیں اور ایک سیر برگ مہندی داخل کر کے اس کی تہ میں قلعی کو معلق رکھیں اور ٹھیلے کو سی کر دس سیر پاجکہ دشتی آگ دیں بعد سرد ہونے کے بحفاظت تمام نکال کر چینی کے برتن میں رکھیں **خوراک** ایک رتی واسطے سرعت انزال وضعف باہ وتقویت کے عجیب ہے -

(۱۸) دوسرا نسخہ کہ باہ اور تمام اعضاء کو قوت دیتا ہے اور امساک پیدا کرتا ہے :-

سنکھیہ ۴ رتی - پارہ ۲ ماشہ - کتھ سفید ۸ ماشہ سب ادویہ کو دو پہر کھرل کر کے رکھیں - **خوراک** ایک رتی - نزلہ اور کھانسی کو بھی نافع ہے -

(۱۹) مقوی اور ممسک :-

پان - سیماب، دونوں کو روغن دھتورہ میں تین روز کھرل کر کے گولیاں بنا دیں **خوراک** ایک گولی مجرّب ہے -

(۲۰) دافع سرعتِ انزال ومقوی باہ :-

فلفل سیاہ - پارہ - گندھک مساوی، تین روز کھرل کریں - **خوراک** ایک رتی - ترش چیزوں سے پرہیز کریں -

(۲۱) دوا کہ دماغ کو قوت دیتی ہے اور امساک لاتی ہے

بہمن سفید دو تولہ - بہمن سرخ دو تولہ - شقاقل مصری تولہ - الائچی کلاں تولہ -

الائچی خورد د تولہ۔ تخم کنوچہ ۳ تولہ۔ دارچینی تولہ۔ ثعلب مصری ۳ تولہ۔ قرنفل ۷ ماشہ
عین الدیک جس کو گھونگچی اور رتی کہتے ہیں رات کے وقت شیر گاؤ میں تر کر کے صبح کو شیر
گرا کر مقشر کریں پھر دو سیر دودھ تازہ گاؤ کر گھونگچی کو پاؤ میں ڈال کر خوب حل کریں جب
مثل مسکہ کے ہو جائے کڑاہی میں ڈال کر جوش دیں۔ جب غلیظ ہو جائے نبات سفید دو چند
کل ادویہ اور باقی ادویہ ملا کر قوام کر کے بدستور معروف معجون بنا دیں خوراک ایک تولہ شیر گاؤ
کے ساتھ عذا مرغن مع گوشت مرغن کھائیں۔

(۲۲) **خمیرہ بادام مقوی و ممسک** :۔ مغز بادام مقشر دو تولہ
دارچینی تولہ۔ شقاقل مصری ۵ تولہ۔ بہمن سفید ۳ تولہ۔ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ زعفران
۶ ماشہ۔ ورق نقرہ ۳۰۰ عدد۔ شہد خالص سہ چند کل ادویہ کا یا نبات سفید سہ چند
پہلے شہد یا مصری کا قوام کریں پھر ورق نقرہ ملا کر خوب مخلوط کریں پھر باقی ادویہ ملاویں
آخر میں مغز بادام ملا دیں خوراک ایک تولہ ہمراہ شیر۔

(۲۳) **نسخہ دافع سوزاک** :۔ اور تمام سرد امراض کو مفید ہے۔
مسکہ۔ گندھک۔ اول گندھک کو باریک کریں پھر مسکہ کو ورق ورق کر کے کر چھے میں مسکہ پر
تہ در تہ گندھک کو چھڑک کر آگ پر رکھیں تاکہ سوختہ ہو جائے۔ سرد کر کے میدہ بنا کر
رکھیں۔ گرم مزاج کو مسکہ کے ساتھ کھلائیں۔ **خوراک** بقدر مناسب سوزاک اور
جریان منی کو بہت نفع کرتا ہے۔

(۲۴) مسکہ ایک تولہ۔ نبات سفید ایک تولہ۔ دونوں کو تین روز تک خوب کھرل کریں۔
گرم مزاج کو مسکہ کے ساتھ کھلائیں۔

(۲۵) **نسخہ کہ امساک لاتا ہے اور باہ کو زیادہ کرتا ہے**

اور منی کو گاڑھا کرتا ہے :۔ تج ۴ تولہ۔ درخت تڑ کے شیر میں تر کر کے سایہ میں خشک کریں۔ اور تخم تمر ہندی ۴ تولہ۔ صمغ عربی ۲ تولہ۔ طباشیر آسمانی ۲ تولہ مغز بادام ۳ تولہ خرما تخم دور کیا ہوا ۳ تولہ۔ شکر تری مساوی۔ کل ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنا دیں خوراک ۹ ماشہ یا ایک تولہ آدھ سیر دودھ کے ساتھ جس میں دو عدد جوش دیا ہو۔ غذا مرغن اور گوشت کھائیں۔ بادی اور ترشی چیزوں سے پرہیز کریں۔ یہ نسخہ حکیم غلام حسین صاحب کا آزمودہ ہے۔

(۲۶) نسخہ ممسک و مقوی :۔ افیون ایک ماشہ۔ طباشیر ایک ماشہ شنگرف ایک ماشہ۔ سب کو میدہ بنا کر ایک جائفل مجوف میں رکھ کر گیہوں کے آٹے کا لیپ کریں اور تین سیر شیر گاؤ میں اس کے بعد تین پاؤ روغن میں پکا کر شہد کے ساتھ گول مرچ کے برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک عدد کھائیں غایت مبہی اور ممسک ہے۔

(۲۷) نسخہ جریان کو مفید ہے اور باہ کو قوت دیتا ہے۔
ستاور۔ تخم بل۔ برہم ڈنڈی۔ تالمکھانہ۔ سمندر سوکھ۔ سلار سوڑہ۔ موچرس۔ سنگھ بھکبڑا۔ کل ادویہ تین تین ماشہ کوٹ کر چار درم شیر گاؤ کے ساتھ کھائیں مجرب ہے۔

(۲۸) قوت کے واسطے مجرب ہے :۔ ریش درخت بڑھ کوٹ کر شیر بڑھ میں تین مرتبہ تر کریں اور ہر مرتبہ خشک کریں پھر مصطگی رومی اور شکر تری اس کے برابر سفوف بنا کر رکھیں۔ خوراک :۔ ۷ ماشہ شیر گاؤ کے ساتھ کھائیں اور کام میں مشغول ہوں۔

(۲۹) کشتہ کہ گرمی اور سیلان کو نافع ہے :۔ قلعی ۲ تولہ۔ سیماب ۲ تولہ۔ قلعی کو گلا کر سیماب میں ڈالیں۔ جب دونوں ایک ذات ہو جائیں پیس کر میدہ کر کے

شورہ قلمی کو گداز کر کے سیماب میں ڈالیں۔ جب ایک ذات ہو جائے تہ و بالا دیگر سرگین صحرائی میں آگ دیں پھر مسدہ کر کے مسکہ کے ساتھ بقدر مناسب استعمال کریں۔

(۳۰) دوسری ترکیب کہ سیلان منی کو مفید: ۔ قلعی۔ سیماب برابر لیکر بستہ کر کے پھر دہمودل بوٹی خورد کو آدھ پاؤ باریک پیس کر سیماب کے زیر و بالا رکھ کر ایک بوتہ میں بطریق معلوم آگ دیں۔ باہ کے لئے مسکہ شکر تری کے ساتھ موافق مزاج کے کھلائیں اور اسی طور سے قلعی کو اجوائن میں تہ بتہ رکھ کر دو سیر سرگین کلاں میں معہ چند دوسرے یا چکند شتی کے آگ دیں۔ دوسرے دن زرد چوب میں رکھ کر بطریق مذکور آگ دیں کشتہ ہو جائے گا۔

(۳۱) نسخہ سیلان منی کو نفع کرتا ہے: ۔ گرم مزاج کے موافق ہے قلعی تولہ۔ سنکھیہ تولہ۔ نقرہ تولہ۔ جست تولہ۔ سب دھاتوں کو کڑاہی میں ڈال کر ہوا سے محفوظ مکان میں آگ روشن کریں۔ جب گھل جائیں شورہ قلمی تھوڑا چھڑک دیں اور ایک پاؤ بنگ بھی چھڑکیں تاکہ خاکستر ہو جائے۔ **خوراک** ایک سرخ الائچی کے ساتھ۔ یہ دوا بہت سرد اور باہ لانیوالی ہے۔ مگر جس چمچہ سے دوا کو حرکت دیں چوب بکائن یا چوب بڑھ کا چمچہ ہونا چاہیئے۔ مجرب ہے۔

(۳۲) ایضاً ۔ کتیرا تولہ۔ اسبغول تولہ۔ مصری تولہ۔ روغن گاؤ ۲ تولہ۔ شیر گاؤ پاؤ سیر۔ سب دواؤں کو دودھ کے ساتھ مثل حلوے کے پکا کر جب سرد ہو جاوے کھاویں نہایت باہ پیدا کرتا ہے۔ ہر روز اسی قدر کھایا کریں۔

(۳۳) امساک کی حکمی دوا: ۔ افیون ایک ماشہ۔ پارہ ایک ماشہ۔ گندھک ایک ماشہ شب کو کھرل کر کے جائفل کے اندر سوراخ کر کے رکھیں پھر پہلے ایک دھتورہ

کے خوشہ میں گلِ حکمت کرکے نرم آگ میں دفن کریں۔ جب سرد ہو جائے نکال کر پھر ایک کنجشک کے پیٹ میں بھر کر آٹے کا لیپ دبیز بقدر ایک انگشت کرکے گائے کے پاؤ سیر گھی میں نرم آگ پر اس قدر پکا دیں کہ سُرخ ہو جائے۔ پس جائفل کو لیکر لونگ ایک ماشہ۔ جوتری ایک ماشہ۔ زنجبیل ایک ماشہ۔ ثعلب مصری ایک ماشہ۔ زعفران ایک ماشہ۔ نرلبسی ایک ماشہ۔ کتیرا ایک ماشہ سب کوٹ کر گوند ببول کے پانی میں حل کرکے چنے برابر گولیاں بنا دیں بعد عصر ایک گولی کھائیں

(۳۴) عقیق کے کُشتہ کرنیکی ترکیب :-

عقیق ایک تولہ خوب باریک کرکے بوتہ نو پختہ میں جس کو پانی نہ لگا ہو ڈال کر آب کھٹ مٹ اسقدر کہ عقیق کو غرق کرکے یعنی عقیق کے اوپر آ جائے ڈال کر بیشمار یا چکد ستی کے آگ دیں جس قدر کنڈے زیادہ ہوں گے بہتر سفید ہوگا۔ قوتِ باہ و سیلان منی و دق کے واسطے ایک رتی مسکہ و نبات سفید کے ساتھ کھائیں۔ سیلان منی کے مسکہ کیلئے ساتھ کھائیں اور قوتِ باہ کے لئے شکر تری کہ قریب دو یا تین تولہ ہو ایک پیالہ میں ڈال کر شیر گاؤ کا اُس پیالہ میں دوشیدہ کرکے کشتہ مذکور کو ایک رتی زبان پر رکھ کر شیر مذکور نوش کریں۔ اور اگر مسکہ و نبات کے ساتھ کھائیں تو خوب ہے اور اگر پچاس عدد چھوہارہ کا تخم دُور کر کے دُودھ میں جوش دیکر تا ملکھانہ ایک چھٹانک پیس کر شیر تُرہ میں تر کر کے چھوہارہ میں پُر کر کے ہر روز جوش دیکر دودھ کے ساتھ دو چھوہارہ کھائیں بہت مجرب اور مفید ہے۔

(۳۵) ترکیب کشتن سنگ جراح :-

سنگ جراح جسقدر ہو اُس کے نیچے اور اُوپر پانچ انگشت پا چکدستی رکھ کر بادکش سے ہوا پہنچائیں سفید ہو جائے گا۔ موافق مزاج کے باہ و دق و مطلق تپ و کھانسی و خونِ جگر و سل و دست خونی وغیرہ امراض میں مسکہ وغیرہ کے ساتھ دیں۔ مجرب ہے۔

(۳۶) **قوتِ باہ کی دوا:**۔ ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ تالمکھانہ۔ ستاور۔ موصلی آرد بھسکھڑا۔ الائچی کلاں۔ بہمن ہر ایک تین تولہ۔ اندرجو شیریں دو تولہ۔ کتیرا دو تولہ۔ زعفران تین تولہ۔ جوزبو ایک عدد۔ لونگ تین ماشہ۔ کباب چینی ہر ایک ایک تولہ۔ چھہ بارہ۔ مغز بادام۔ مغز چلغوزہ ہر ایک آدھ پاؤ۔ شکر تری اڑھائی پاؤ۔ شیر دس سیر۔ پہلے شیر کو کڑاہی میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے شکر تری آدھ پاؤ اس میں ملا دیں۔ جب مثل حلوے کے ہو جائے سب دوائیں کٹی ہوئی ملا کر نگاہ رکھیں۔ **خوراک** ۲ تولہ مجرب ہے۔

(۳۷) **ایضاً:**۔ پارہ۔ قرنفل۔ کتہ سرخ۔ گندھک ہر ایک ایک تولہ۔ زردی بیضہ ایک عدد۔ شہد خالص ایک تولہ۔ تین روز متواتر کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ گرم مزاج والے کو ایک گولی مسکہ کے ساتھ کھلاویں۔ غذا شوربا مرغ و نان گندم کھائیں۔

(۳۸) **نسخہ قوتِ باہ کے واسطے:**۔ سرب یعنی سیسے کو کوٹ کر ورق ورق کر کے اس کے درمیان میں بیسہ رکھ کر لپیٹ کر ہڑتال دو تولہ نصف زیر اور نصف بالا رکھ کر یا بچھا کر بوتہ گلی میں گل حکمت کر ۵ سیر سرگین صحرائی کی آنچ دیں پھر مبدہ کر کے بقدر دو سرخہ بتاشہ میں رکھ کر کھلاویں اور شیر ایک پاؤ تازہ پلا دیں مجرب ہے۔

(۳۹) **نسخہ کہ قوتِ باہ کو فائدہ کرتا ہے:**۔ برادہ مس۔ برادہ نقرہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ کنیر کے پانی میں کھرل کر کے قرص بنا کر بوتہ گلی میں پانچ سیر سرگین کے آنچ دیں اور مسکہ میں رکھ کر بقدر مناسب تناول کریں مجرب ہے۔

(۴۰) **ایضاً:**۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز بادام۔ کنجد مقشر۔ مغز خربزہ۔

خشخاش سفید- نارجیل تازہ- مغز تخم خیارین ہر ایک ۶ دام ۳ مثقال ستاور ہمچنیں اندرجو۔ خولنجان دارچینی- ثعلب مصری ہر ایک دو دام- فوفل کبار و صغار دو دام- مشک خالص ایک سُرخ- عرق گلاب ایک پاؤ- مصری دو چند کُل اَدویہ- عرق و مصری کا قوام کریں اور سب دواؤں کو کوٹ چھان کر ملاکر معجون تیار کریں۔ **خوراک** ایک تولہ صبح و شام نوش فرمائیں۔

(۴۱) **ترکیب سیماب**:- سیماب و قلعی ہر ایک تولہ- دونوں کو گرہ کر کے دو کلاں پاچک میں گھرا کر کے برگ مورد نو خوب عمدہ زیر و بالا دے کر دوسرا پاچک صاف اُس کے اُوپر رکھ کر خوب متصل کریں۔ اُن کے کناروں پر مٹی لگا کر خوب بند کریں کہ ہوا اندر داخل نہ ہو اور پاچک پر کوئلہ رکھ کر آگ دیں مگر آگ محفوظ گھر میں دیں جس کا دروازہ ہو تاکہ ہوا داخل نہ ہو شگفتہ ہو جائے گا- **خوراک** ایک چاول برابر بتاشہ کے اندر رکھ کر کھائیں بہت مفید ہے۔

(۴۲) **نسخہ کہ سیلان منی کو بہت مفید ہے**:- قلعی و سیماب ہر ایک ایک تولہ گرہ کر کے رکھیں اور مال کنگنی کو باریک پیس کر دو پاچک تسنی میں گڑھا کر کے زیر و بالا دے کر ہوا سے محفوظ مکان میں آگ دیں سفید ہو جائے گا۔ **خوراک** چاول برابر بتاشہ میں رکھ کر کھائیں بہت مفید ہے۔

(۴۳) **طریقہ حب ممسک**:- پارہ صاف کیا ہوا بُرادۂ زر مساوی الوزن دونوں کو ملاکر آردیا میدہ گندم میں رکھ کر حلق میں کبوتر کے ڈالیں۔ تین رات دن کے بعد ذبح کریں اور پارہ کو لے رکھیں اور اگر مکرر عمل کریں زیادہ قوی ہو جاوے گا واسطے امساک اور تشنگی و خشکی زبان و کام تنگی نفس کے واسطے فائدہ عظیم دیتا ہے- بوقت ضرورت اس گولی کو منہ میں رکھیں۔

(۴۴) دوسرا طریقہ:- پارہ سات جزو برادہ زرد برادہ نقرہ ہر ایک دو جزو- سب کو آمیزہ کرکے آٹے میں سیاہ مرغی کو کھلا دیں ایک دن رات کے بعد ذبح کرکے لے لیں اور حاجت کے وقت منہ میں رکھیں۔

(۴۵) نسخہ معجون کہ عضو تناسل کو سخت کرتا ہے اور باہ زیادہ کرتا ہے
اسپند- جوز بوا قرنفل- لبسا سہ- دارچینی ہر ایک پانچ درم- کنجد سیاہ مقشر سات درم- سب کو کوٹ چھان کر شہد کے ساتھ معجون بنا دیں خوراک، ماشہ کھلائیں۔

(۴۶) نسخہ طلاء:- شبرہ آکھ روغن زرد مساوی الوزن بارہ پہر کھرل کرکے بقدر نخود گولی بنا کر طلاء کریں نہایت عمدہ طلاء ہے۔

(۴۷) نسخہ منی افزا:- خسک تازہ کا عرق لیکر خسک خشک کو اس کے اندر رات دن تر کریں- اسی طور سے سات مرتبہ خشک و تر کریں- اور پھر سفوف بنا دیں۔

(۴۸) ترکیب خبث الحدید:- پرانے خبث الحدید کو باریک کرکے سو مرتبہ پانی سے دھو کر پھر باریک کریں پھر گھیکوار کے عرق میں کھرل کرکے آگ دیں پھر دوسری مرتبہ جغرات میں کھرل کرکے آگ دیں پھر تیسری مرتبہ سرکہ میں مدتبر کرکے خبث الحدید کو باریک کرکے ادویہ مسحوقہ میں ملاکر نگاہ رکھیں- پوست ہلیلہ زرد- ہلیلہ سیاہ پوست آملہ ہر ایک ۵ تولہ- سنبل الطیب- تخم کنوچہ- تخم شلجم- تخم گندر- فلفل دراز- ثعلب مصری- زنجبیل- کندر- شقاقل- مصطگی گیری- ہمچنیں تودری ہر دو یعنی سرخ و سفید- طباشیر- الائچی کلاں ہر ایک تولہ- کتیرا چار تولہ- تج چار تولہ- موصلی سفید- خولنجان- دارچینی ہر ایک تولہ- سب ادویہ کوٹ کر خبث الحدید کو ہمراہ عسل کے

معجون تیار کر کے رکھیں خوراک ۹ ماشہ ہمراہ روغن مادہ گاؤ کے کھائیں۔ غذا نان مرغن کھائیں۔ قوتِ باہ کے واسطے اور ریرقان کے واسطے مجرب ہے۔

(۴۹) نسخہ کہ دماغ اور باہ کو قوت دیتا ہے اور نزلہ کو دفع کرتا ہے۔ ھو خشخاش تین پاؤ۔ مغز کشنیز آدھ پاؤ۔ مغز بادام تین چھٹانک۔ مغز پستہ آدھ پاؤ۔ مغز چلغوزہ ۳ چھٹانک۔ اخروٹ۔ نارجیل ہر ایک ۳ چھٹانک۔ شکر تری ۳ پاؤ۔ روغن زرد ڈیڑھ پاؤ۔ شیر گاؤ ۴ سیر سب دواؤں کو میدہ کر کے رکھیں اور پہلے شیر کو جوش دیں تاکہ گاڑھا ہو جاوے۔ پھر شیر کو آگ سے اُتار کر جُدا رکھیں اور روغن و شکر تری کو پکا ویں تاکہ سُرخ ہو جاوے پھر کڑاہی کو اُتار کر شیر اور ادویّہ مذکورہ ملا کر رکھیں۔ صبح و شام تین تولہ کھائیں۔ تُرش اشیاء اور دُودھ اور گرم چیزوں سے پرہیز کریں اور اگر شنگرف کا کشتہ تیار ہو تو تھوڑا سا اس معجون میں ملا دیں زیادہ قوی اور نافع ہو گا۔

طلاء برائے مجلوق

(۱) نسخہ کہ مجلوق کو بہت مفید ہے:۔ جوزی۔ عاقر قرحا۔ دار چینی۔ جائفل۔ سونٹھ۔ قسط تلخ۔ فلفل۔ مین پھل۔ جمال گوٹہ مقشر۔ شنگرف ہر ایک ایک ماشہ کوٹ چھان کر تِل کے تیل میں حل کر کے حشفہ اور نیچے کی رگ چھوڑ کر قضیب پر مالش کر کے اوپر اُس کے برگ ارنڈ باندھیں تاکہ آبلے نمودار ہوں دو تین روز عمل میں لاویں۔ جب آبلے پختہ ہو جائیں مسکہ اور کتھ سفید لگائیں۔ سرد پانی اور سرد ہوا سے محفوظ رکھیں۔

(۲) ایضاً :- مالش مجلوق کے لئے بہت مفید ہے ۔ دال چکنہ شنگرف بھلانوہ ۔شیر کی چربی ہر ایک دو تولہ ۔سب کو کوٹ کر شیشے میں بھریں ۔پھر اُس شیشے کو گلِ حکمت کریں اور شیشے کے مُنہ کو گھوڑے کے بال سے بند کریں پھر شیشے کو کسی برتن میں رکھیں اور مُنہ شیشے کا اُس برتن میں سوراخ کر کے باہر نکال دیں اور اُس کے نیچے پیالہ چینی کا رکھ دیں اور شیشے کے اوپر پیپل کے کوئلہ کی آگ دیں ۔جو روغن اُس پیالہ میں جمع ہو اُس کو بحفاظت تمام رکھیں ۔تیل مذکور کو حشفہ اور نیچے کی رگ چھوڑ کر مالش کریں ۔

(۳) ایضاً مالش کا دوسرا نسخہ :- ہڑتال ۳ تولہ ۔سُہاگہ ۷ ماشہ ۔ہینگ سفید ۷ ماشہ ۔گندھک ۷ ماشہ ۔انڈے کی زردی ۱۰۰ عدد ۔سب دواؤں کو زردی میں کھرل کر کے گولیاں بنا کر شیشے میں بھر کر بدستور مذکورہ بالا روغن نکال کر مالش کریں اور اُس کے اوپر برگ انڈکی بندش کریں ۔یہ نسخہ عجیب و غریب ہے ۔

(۴) ایضاً :- یہ نسخہ مجلوق کو بہت فائدہ کرتا ہے ۔ ۔جمال گوٹہ ایک ماشہ ہڑتال زرد ۲ ماشہ ۔مالکنگنی ۴ ماشہ ۔ عاقر قرحا ۴ ماشہ ۔ہریاول ۴ ماشہ ۔گندھک ۲ ماشہ خولنجان ۸ ماشہ ۔مسکہ بیڈ یعنی ملیش ۸ ماشہ ۔زردی بیضہ مرغ ۱۸ ماشہ ۔شیشہ معکوس میں بدستور روغن نکالیں ۔اگر نامرد خصیہ اور آلت کو روغن سے چرب کر کے چمگا دڑ کو نیم قسطہ کر کے باندھے اور ایک پہر کے بعد علیحدہ کر کے گرم پانی سے دھووے ۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس مرض سے شفا پاوے ۔

(۵) ایضاً یہ نسخہ مجلوق کو بہت مفید ہے ۔شیر آکھ ایک ماشہ ۔روغن زرد ایک ماشہ دونوں کو خوب حل کر کے مالش کریں ۔جب زخم ہو جائے کتہ سفید اور مسکہ ملیں ۔

(۶) **ایضاً**:- ہڑتال - منجھل - سنکھیہ سفید - گندھک - پارہ ہر ایک ایک تولہ سب دواؤں کو کوٹ کر شیر آکھ میں کھرل کر کے قرص بنا کر رکھیں اور حاجت کے وقت ایک قرص پانی میں حل کر کے رگ زیریں اور حشفہ کو چھوڑ کر ضماد کریں۔

(۷) **سم الفار کا تیل جلوق کے واسطے مفید ہے**:- قرنفل یعنی لونگ دو مشت یا تین مشت لیکر جلاویں جب سوختہ ہو جائے کوئلہ اُس کا لیکر ایک پیالہ میں ڈال کر پانی باہر سے ڈال کر تیزاب کھینچ کر لیں سنکھیہ کو کڑاہی میں ڈال کر نیچے اُس کے آگ روشن کریں اور قطرہ اس تیزاب کا سنکھیہ پر ٹپکاویں جس وقت کہ پانی سوختہ ہو جائے اور سنکھیہ نظر میں نہ آوے اور جس قدر تیل برآمد ہو شیشی میں نگاہ رکھیں۔ بوقت ضرورت حشفہ اور زیریں کو چھوڑ کر قریب ۲ رتی کے مالش کریں۔ اگر آبلے نکلیں بہتر ورنہ تین بار مکرر کریں اور حشفہ اور رگ زیریں پر اگر زیادہ احتیاط چاہیں پنبہ رکھیں اور برگ ارنڈ یا برگ بھوج اوپر باندھیں۔ اگر عضو زیادہ زخمی ہو جاوے پہلے روغن چپڑ کر مردار سنگ باریک پیس کر چھڑکیں سستی دفع ہو جائے گی۔

(۸) **روغن نامرد کے واسطے**:- سم الفار زرد ہڑتال ورقی - بلادر عاقر قرحا - قرنفل - جوتری - زعفران - مال کنگنی - اجوائن خراسانی - لوبان کوڑیا - جوزبوا - بیر بہوٹی - خراطین خشک - افیون ہر ایک ایک تولہ - چالیس عدد زردی بیضہ میں خوب کھرل کر کے شیشی میں رکھ کر بطریق معروف روغن نکالیں۔ چنے برابر تین روز متواتر قضیب پر مالش کریں۔ اُس کے اوپر برگ پان یا برگ ارنڈ باندھیں۔ جب آبلہ پڑ جائے مسکہ سفید کو سو مرتبہ پانی میں دھو کر قدرے کتھ سفید ملا کر مرہم بنا کر استعمال کریں۔ تیس برس کا مریض اس دوا سے بفضلہ تعالےٰ صحت پاتا ہے

نسخہ جات اطریفل

(۱) **نسخہ اطریفل شاہترہ جو جذام کو دفع کرتا ہے:۔** برگ بانسہ شاہترہ۔ سرپھوکہ۔ برگ نیب۔ باپچی۔ جملہ ادویہ برابر کوٹ چھان کر سفوف بنا دیں خوراک ۲ ماشہ ہمراہ مسکہ گاؤ۔ غذا نان مرغن۔ یہ نسخہ محبی حکیم غلام حسین کا مجرب ہے۔

(۲) **ایضاً:۔** یہ نسخہ جذام کو بہت فائدہ کرتا ہے۔ مجذوم کا پوست فاسد دور کر کے نیا پوست جماتا ہے۔ سنکھیہ سفید ایک تولہ۔ ابرک ۲ تولہ۔ شورہ قلمی ۲ تولہ۔ پہلے ابرک کو جدا جدا کریں پھر اوّل ابرک رکھیں پھر اس کے اوپر سنکھیہ کا ٹکڑا رکھیں پھر شورہ رکھیں پھر ابرک اوپر رکھ کر اسی طور سے تہ بتہ رکھیں پھر نصف خالی کو ریگ سے پُر کریں اور منہ اس کا گل حکمت کر کے بند کریں اور آگ جلا دیں۔ جب سرپوش خوب گرم ہو جائے اُتار لیں اور میدہ بنا کر رکھیں۔ **خوراک** دانہ باجرہ کے برابر مسکہ کے ساتھ۔ غذا نان مرغن چالیس روز تک استعمال کریں مجرب ہے۔ اگر گرم مزاج ہو تو گائے کا دہی استعمال کریں۔

(۳) **ایضاً:۔** نسخہ جذام اور باد کو نافع ہے اور تمام امراض باردہ اور بلغمیہ کو فائدہ کرتا ہے۔ قلمی کا نمک آدھ پاؤ۔ سنکھیہ ایک تولہ۔ نمک کو سنکھیہ کے زیر و بالا بچھا کر چھے وغیرہ سفل خاکی میں آگ روشن کریں اور نگاہ کریں کہ کس جگہ سے دھواں نکلتا ہے اس جگہ اور نمک مذکور دیکر دودھ مذکور کو بند کریں تاکہ گداختہ ہو منجمد ہو جائے۔ سرد کر کے نگاہ رکھیں خوراک ایک سرخ مسکہ کے ساتھ۔ غذا نان گندم مرغن کھلا دیں اگر تنگ کرے دال مونگ

مقشر روغن دار نمک زاید ڈال کر کھلادیں۔ سات روز تک دوا کا استعمال کریں۔ ۱۴ روز متواتر پرہیز کریں مجرّب ہے۔

(۴) یہ نسخہ آتشک کے زخم اور ریم کے واسطے مجرّب ہے:۔

تخ۔ گندہ بیروزہ۔ ہر ایک چھٹانک لیکر رکھیں اور ایک برتن کہ جس میں ایک سیر پانی آجائے پانی سے پُر کر کے تخ اُس کے درمیان میں ڈال کر بیری کی لکڑی کی آگ روشن کریں۔ جب ایک پاؤ پانی باقی رہے تخ کو علیحدہ کر کے خشک کریں اور گندہ بیروزہ کو علیحدہ کر کے خشک کریں اور سفوف کر کے رکھیں۔ رات دن میں ایک تولہ ایک سیر بکری کے دُودھ کے ساتھ کھائیں۔ غذا گیہوں کی روٹی یا چنے کی روٹی خوب پختہ مرغن بے نمک۔ دو تین روز میں زخم خشک ہو جائیگا مجرّب ہے۔

دوا [illegible] وبا کو دفع کرتی ہے۔ [illegible] زارچیل دریائی۔ زہر مہرہ پانی میں گھس کر بقدر ایک رتی پانی کے ساتھ پلادیں۔

(۵) نسخہ آتشک کو دفع کرتا ہے:۔ رسکپور تولہ۔ لونگ تولہ۔ مساوی الوزن بکری کے دُودھ میں آٹھ پہر متواتر کھرل کر کے رکھیں خوراک ایک رتی مسکہ گاؤ کھائیں ترشی سے پرہیز رکھیں۔ اگر زخم ہو تو لعاب دہن کے ساتھ حل کر کے زخم پر طلا کریں۔

(۶) جذام کی دوا:۔ رسکپور۔ دال چکنا۔ بیخ حنظل۔ سم الفار ہر ایک ۶ ماشہ قند کہنہ ۲ تولہ اور رسکپور اور دال چکنا کو بیخ حنظل کے ساتھ ملا کر خوب پیس کر رکھیں بعد اسکے قند سیاہ کہنہ ملا کر کوٹ کر اور سم الفار کشتہ کر کے ملا کر گولی ایک رتی کے برابر باندھ کر ایک گولی سرد پانی کے ساتھ کھائیں۔ زیادہ نمک اور شیرینی اور بادی سے پرہیز کریں۔ ترکیب کشتن سنکھیہ خاکستر پھٹکنڈہ ایک سیر دو سرگین صحرائی میں سنکھیہ کے زیر و بالا رکھ کر بدستور

معروف آگ دیں اور سبز کر کے دوا مذکورہ بالا میں ملا کر گولیاں بنا دیں۔ یہ نسخہ کشتہ کا
اس کے متعلق تھا اس واسطے اس نسخہ کے ذیل میں لکھا گیا ہے۔

نسخہ جات بواسیر

(۱) **بواسیر کے ضماد کا عجیب نسخہ ص** :۔ نوشادر۔ سہاگہ۔ زنگار
شورہ قلمی ہر ایک ایک تولہ باریک کر کے لعاب دہن میں حل کر کے دانہ ہائے بواسیر پر چپکا دیں
اور سینک کریں۔ چند روز کے استعمال سے دانے خشک ہو کر گر جاتے ہیں۔ یہ نسخہ بھی حکیم
غلام حسین صاحب کا ہے۔

(۲) **بواسیر کا نسخہ** :۔ رسکپور ایک تولہ گھیکوار کے پانی میں دو پہر کھرل کر کے
رکھیں اور خرمہرہ زرد ۶ عدد جلا کر اس میں ملا کر خوب کھرل کریں **خوراک** آدھی رتی گڑ
میں لپیٹ کر کھائیں۔ اگر مسّے ظاہر نہ ہوں گے تو اس دوا سے باہر نکل آئیں گے۔ بعد
اس کے سنکھیا سفید تولہ گھیکوار کے عرق میں دو پہر کھرل کر کے اس کھرل کردہ برتن میں رکھ کر
تھوڑی آگ دیں تاکہ پانی خشک ہو جائے۔ میدہ کر کے نگاہ رکھیں۔ آدھی رتی اوّل روز
لعاب میں حل کر کے بواسیر یعنی بیخ دانوں پر لیپ کریں۔ تین وقت بعد اس کے دانے سیاہ
ہو جائیں گے۔ پھر چاول پانی میں پکا کر دہی چکہ کے ساتھ ملا کر دانوں پر رکھیں سب دانے
گر جائیں گے اس کے بعد یہ مرہم استعمال کریں۔

(۳) **رتن جوت** :۔ شاہی موم دو سیر۔ شاہی کتھ دو ماشہ۔ سفیدہ کا شغری
تین ماشہ۔ سب دواؤں کو روغن گاؤ میں مرہم بنا دیں اور زخم پر لگا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ

صحت ہو گی۔

(۴) دوسرا مرہم:۔ فلفل سیاہ۔ بھنگ دونوں کو خوب کوٹیں کہ ایک ذات ہو جائے۔ پھر قرص بنا کر دانوں پر سات روز رکھیں سات تولہ کافی ہے۔ فقط نان گندم و روغن مادہ گاؤ کھائیں یا نان و شکر تری کھائیں۔ اگر قبض ہو پالک کا ساگ کھائیں بعد صحت بھی ۲۵ روز تک ضرور پرہیز کریں۔

(۵) نسخہ دفع قبض کے واسطے:۔ ہلیلہ۔ آملہ۔ فلفل دراز ہر ایک تین دام۔ نیل ازرق ایک دام۔ کوٹ چھان کر با احتیاط رکھیں۔ خوراک تین درم تازہ پانی کے ساتھ غذا نان گندم روغن کے ساتھ۔ اس دوا کے استعمال سے قبض بالکل دور ہو جاتا ہے۔

(۶) مطلق بواسیر کا نسخہ:۔ افتیمون خشک۔ تخم بکائن۔ بوٹی ہندو سفید پھول والی۔ فلفل دراز ہر ایک ایک تولہ۔ نیلا تھوتہ ۴ ماشہ۔ فلفل سیاہ تولہ۔ سب دواؤں کو علیحدہ علیحدہ کوٹ کر صبح کو ۴ ماشہ سرد پانی کے ساتھ کھائیں۔ غذا نان گندم و روغن گاؤ کھائیں سرخ مرچ و بادی و ترشی سے پرہیز کریں۔ نفیس مزاج کے واسطے نیلا تھوتہ نصف وزن یعنی ۲ ماشہ استعمال کریں تاکہ خلل نہ کرے۔

(۷) نسخہ مرہم:۔ موم مصفّی ایک تولہ۔ چربی گردہ بز ایک تولہ۔ چونہ مغسول ایک تولہ۔ گل سرخ۔ طباشیر۔ کتھ ہر ایک ۳ ماشہ۔ اوّل موم چربی کو گداز کر کے مسکہ بقدر مناسب ڈال کر ادویہ باقی ملا کر نگاہ رکھیں۔ جو دانہ گر جائے اُس پر چسپاں کریں۔ بفضل خدا مادہ بواسیر کا قطع ہو گا۔ غذا نان مرغن دال ماش سیاہ بے نمک کھائیں یا چنے کی دال کھائیں۔

(۸) ایضاً:۔ جوہر سنکھیہ سفید ایک سرخ مسکہ کے ساتھ کھائیں۔ غذا نان گندم بے نمک

روغن پرانے سوداکے واسطے مجرب ہے۔

(۹) نسخہ نزلہ بارد اور بواسیر کے واسطے مجربات سے ہے:۔

برادہ فولاد کو پانی میں خوشہ درخت کیکر کے پیالہ میں رکھ کر آفتاب میں رکھیں تاکہ کشتہ ہو جائے۔ سیماب چوتھائی فولاد کا اور گندھک چوتھائی فولاد کے لیکر ایک پہر کھرل کر کے خشک کر کے چار سیر یا چکند نشتی کے آگ دیں۔ یہی عمل سیماب اور گندھک کے ساتھ ۲۱ مرتبہ کریں پھر برگ بھنگ دو حصہ لیں اور مصلی دونوں مساوی فولاد لیکر ورق بھنگرہ مساوی لیکر آب بھنگرہ میں کھرل کریں۔ جسقدر کھرل زیادہ کریں گے مفید ہوگا۔ اُس کے بعد چنے برابر گولیاں بنا کر مسکہ یا مصری کے ساتھ کھاویں۔ تُرشی اور جماع سے پرہیز ضروری ہے۔ چالیس روز تک استعمال کریں۔ غذا مونگ مقشر کھائیں۔

(۱۰) نسخہ بواسیر کو بہت مفید ہے:۔

سنکھیہ کو آپ گھیکوار میں ایک گھڑی کھرل کر کے پیالہ گلی خر دمیں ڈال کر بدستور مذکور آگ دیکر پھر تیسری بار بدستور مذکور کریں۔ پھر باریک کر کے کاغذ میں رکھیں۔ پھر حاجت کے وقت ایک سُرخ سنکھیہ مذکور لیکر کفِ دست پر لعابِ دہن کے ساتھ مَل کر دانہ بواسیر پر طلا کریں صبح و شام تاکہ منفجر ہو کر مادہ بتمامہ خارج ہو جائے۔ اس دوا کے لگنے کے بعد اگر دانہ خورد یا کلاں گرد ناف یا دوسری جگہ پیدا ہو یا درد یا سوزش پیدا ہو فوراً روغن کنجد یا روغن زرد یا خاکستر اُکھ جائے ناف یا دوسری جگہ جہاں درد یا دانہ ہو مالش کریں۔ نجات حاصل ہوگی۔ تین یا چار روز اس دوا کو استعمال کریں۔ پانچویں روز چاول کو خوب پکا کر آتش مذکور میں دہی ملا کر خوب حل کر کے خرقہ پر لیپ کر کے دانوں پر چسپاں کریں تاکہ سوزش دور ہو۔ بعد اس کے یہ مرہم لگادیں۔

مرہم کا نسخہ:۔ زنگ جوت۔ رال سفید۔ سفیدہ کاشغری۔ موم ہر ایک ایک تولہ۔ اوّل

موم کو گداز کریں اور باقی ادویہ کو باریک کر کے روغن کے ساتھ مرہم تیار کریں اور خرقہ پر لگاکر زخموں پر رکھیں اور لنگوٹ باندھیں۔

نسخہ جات مسہل

(۱) نسخہ مسہل :- آرد تربد سفید ۶ ماشہ مجوف خراشیدہ بروغن بادام چرب کردہ بنفشہ ۴ ماشہ - پوست ہلیلہ زرد ۴ ماشہ - بسفائنج ۳ ماشہ - حب النیل ۳ ماشہ - بریان کوٹ چھان کر نصف رات کو اور نصف دن کو کھائیں - شیرہ مغز بادام کے ساتھ اجابت حسب مرضی لاتا ہے - غذا خشکہ اور دال مونگ مقشر کھائیں۔

(۲) ایضاً :- ذرا ریعنی جمالگوٹہ کو آب نمک سے پاک کر کے شورہ قلمی - مرچ سیاہ - زنجبیل ہر ایک سوا تولہ - آملہ سار - کتیرا گوند - سہاگہ - نیلیا مریان کیا ہوا - جمالگوٹہ مدبرہ - پہلے دواؤں کو ایک گھڑی خوب کھرل کریں - پھر باقی دواؤں کو ملا کر چار پہر خوب حل کر کے گولی باندھ کر رکھیں - خوراک ۲ رتی - مصری ۶ ماشہ کے ساتھ غذا چاول مرغن اور ضروری ہے کہ اس دوا کے وقت روغن استعمال کریں ورنہ سردرد اور خشکی پیدا کرے گا۔

(۳) روغن جمالگوٹہ :- بلغم کو خارج کرتا ہے اور تمام سرد بیماریوں کو نفع دیتا ہے نارجیل یعنی کھوپرہ آدھ پاؤ - جمالگوٹہ ایک سیر شاہی - مغز تخم بیدانجیر چار سیر شاہی - سب دواؤں کو میدہ کر کے ایک مٹی کے برتن میں نصف پانی بھر کر اس کے اوپر کپڑا دو تہہ استوار کر کے باندھیں اور دوا کو درمیان میں چھڑک کر سرپوش معکوس اس برتن کے اوپر رکھ کر آگ روشن کریں - جب سرپوش گرم ہو جائے روغن نچوڑ کر پھر تھوڑا پانی دیگر بدستور اول آگ پر رکھیں اسی طور سے دو تین مرتبہ عمل کریں - جب سب روغن نکل آئے روغن کو تھوڑا سا آگ

پہ پکا کر صاف کر کے رکھیں۔ خوراک ایک ماشہ یا دو ماشہ۔ غذا معروف کھائیں۔

تنبیہہ:۔ جمالگوٹہ کو مدبر کر کے روغن نکالیں یعنی اس کے اُوپر کا پوست اور درمیانی پردہ سبز جس میں سمیت ہے گوبر میں یا دستور معروف جوش دے کر دور کریں۔ شیر شاہی ۲۱ ماشہ کا ہوتا ہے۔

(۴) مُسہل کا عمدہ نسخہ:۔ جوا کھار ۶ ماشہ۔ آملہ سار ۶ ماشہ۔ فلفل گرد ۶ ماشہ مغز تخم بید انجیر ۶ ماشہ مصطگی رومی ۶ ماشہ۔ بید انجیر ۶ ماشہ۔ سہاگہ بریاں ۶ ماشہ۔ تربد سفید مجوف خراشیدہ ۹ ماشہ۔ زنجبیل ۶ ماشہ۔ جمالگوٹہ ۴ ماشہ۔ کوٹ کر دس سیر گائے کے دہی میں پکا کر پھر دوپہر کامل پانی میں کھرل کر کے چنے برابر گولیاں بناویں۔ خوراک:۔ ایک گولی (فائدہ) پوست بیرونی اور پردہ اندرونی دُور کر کے کوٹیں جیسا کہ پہلے معلوم ہُوا ہے اور تربد کا پوست بالائی اور درمیان کی لکڑی نکال دیں اور جو تربد سفید نہ ہو اُس کو استعمال نہ کریں اس واسطے کہ مضر ہے۔

(۵) جمالگوٹہ کی گولی کا نسخہ:۔ جمالگوٹہ آدھ پاؤ۔ پوست دُور کر کے پندرہ سیر دہی میں جوش دیکر اندرونی پردہ کو دُور کر کے مسکہ گاؤ سو مرتبہ پانی سے دھویا ہُوا شنگرف۔ سفیدہ کاشغری منڈہ۔ سب دوائوں کو کوٹ کر کھرل کر کے رکھیں خوراک نیم ماشہ مطابق مزاج قوی اور ضعیف کے دیں۔ فائدہ۔ سفیدہ کو کھانے میں طب والے استعمال نہیں کرتے۔ شنگرف کو ویدک والے سود مہیہ یعنی اصلاح کے بعد استعمال کرتے ہیں۔ اصلاح شنگرف کو شیرۂ لیمو اور شیر گاؤ میں ایک روز تک خوب کھرل کر کے خشک کر کے دوا میں شامل کرتے ہیں۔

(۶) مُسہل کا عمدہ نُسخہ:۔ حب الملوک پوست اور پردہ اندرونی

دُور کیا ہُوا الیکر روغن زرد میں اس قدر پکا دیں کہ سُرخی مائل ہو جائے ۔ زیرہ سفید اور سہاگہ ہر ایک ۲ ماشہ ۔ پوست آملہ ۔ پوست ہلیلہ ۔ پوست ہلیلہ زرد ۔ سنا مکی ہر ایک ۶ ماشہ ۔ نبات سفید ایک تولہ ۔ سب دوائوں کو باریک پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنا دیں ۔ خوراک ایک گولی یا دو گولی مجرب ہے ۔

نسخہ روشنائی چشم و نزول ماء

(۱) **نسخہ روشنائی چشم :۔** اور نزول ماء کو مفید ہے ۔ کشتہ جست ۶ ماشہ سمندر جھاگ ۲ ماشہ ۔ قسط سفید ۲ ماشہ ۔ تخم وسمہ ۲ ماشہ ۔ سب کو باریک کر کے مثل سُرمہ کے آنکھ میں لگا دیں اور دو مثقال اطریفل روز کھائیں ۔

(۲) **نسخہ پھولے کا :۔** جس کو گُلِ چشم کہتے ہیں ۔ کباب چینی ۔ سمندر جھاگ ۔ مصری کالپی ۔ حیقر صوف ہر ایک ایک ماشہ ۔ شورہ قلمی چاول برابر ۔ کتہ سفید ایک نخود سب کو باریک کر کے دو پہر کو یا رات کے وقت آنکھ میں لگا دیں ۔

(۳) **نسخہ کہ روشنی کو زیادہ کرتا ہے :۔** کُشتہ جست ۳ تولہ ۔ کفِ دریا تولہ ۔ کتہ سفید ۶ ماشہ ۔ فلفل سیاہ ۳ ماشہ ۔ فلفل سفید ۳ ماشہ ۔ قرنفل کلاہ دار ۳ ماشہ ۔ سب دوائوں کو پندرہ گھڑی کھرل کر کے سُرمہ بنا دیں ۔ تمام آنکھ کی بیماریوں کو نفع کرتا ہے ۔

(۴) **نسخہ کہ جس کے استعمال سے موتیا بند یعنی نزول الماء دُور ہوتا ہے :۔** سنکھیہ سفید ۳ ماشہ ۔ سندھور ۔ مقل یعنی گوگل میدہ بنا کر شیاف بنا دیں اور شرط خفیف لگا کر ایک شیاف پانی میں حل کر کے کاغذ پر لگا کر چپکا دیں ۔ ہر روز

نیا شیاف اور کاغذ لگادیں اور اگر لعابِ دہن میں حل کرکے لگادیں معین عمل ہوگا۔ بیس روز
تک عمل میں لاویں بعد اُس کے مرہم مرقومہ ذیل عمل میں لاویں۔ یہ دوا دو تین روز میں ورم
پیدا کرتی ہے۔

(۵) **نسخہ مرہم** :- روغن سرشف چار دام۔ موم سفید دام۔ ریونہ
خطائی دام۔ رال سفید ۲ دام۔ صابون صاف دام۔ سب دواؤں کو یہاں تک
پکاویں کہ سیاہی ظاہر ہو پھر زخم پر لگادیں۔ غذا شوربا اور نان گندم تناول فرماویں۔

(۶) **نسخہ نزولِ ماء کو بہت مفید ہے** :- رسکپور ایک درم
ریزہ ریزہ کرکے مِن چھل میں رکھ کر دہن آرد ماش سے بند کرکے ایک سیر شیر گاؤ میں جوش
دیں تاکہ سخت ہوجائے۔ اسی طور سے تین بار کریں پھر ہمراہ ہلیلہ آملہ ایک پاؤ کہ اُس سے
آدھ سیر پانی ڈالا ہو جوش دیں کہ پانی خشک ہوجائے۔ تین مرتبہ اسی طور سے نتی ادرک
ڈال کر مکرر جوش دیں پھر تین مرتبہ ایک سیر خالص پانی میں جوش دیں تاکہ پانی خشک ہوجائے
اس کے بعد باہر لاکر بھسوٹ پانچ درم فلفل سیاہ پانچ درم۔ الائچی خورد نیم درم۔
فلفل دراز پانچ درم کھرل کریں تاکہ باریک ہو۔ **خوراک** :- ایک سرخ ہمراہ شیر گاؤ پختہ
صبح کے وقت اور شام کے وقت اطریفل کشنیزی کھائیں۔ **غذا** نان گندم بے روغن اور
بے نمک سات روز تک کھائیں مجرّب ہے۔

(۱) **نسخہ دافع بدبوئے دہن** **ص** الائچی خورد۔ سنبل الطیب
اشنہ۔ صمغ عربی۔ ہر ایک ایک تولہ کوٹ چھان کر گول مرچ کے برابر گولیاں بنا دیں اور
ایک گولی مُنہ میں رکھیں۔

(۲) **سنون کا نسخہ** **ص**۔ سمندر جھاگ۔ نمک۔ دانہ گلاب۔ پوست انار۔

مائیں ۔ سپاری سوختہ ۔ پھٹکڑی مساوی الوزن کوٹ کر مسواک کے ساتھ ملیں واسطے دفع درد دندان اور شورہ زخم اور خون نکلنے کو نافع ہے ۔

(۳) نسخہ دندان کے واسطے حب سعدکوفی ایک تولہ سنبل الطیب تولہ ۔ گلنار ۔ عاقرقرحا ۔ زعفران ۔ قرنفل ۔ جفت بلوط ہر ایک ۶ ماشہ ۔ مغز کرنجوہ ۲ عدد ۔ حب الآس ۔ کف دریا ۔ فلفل گرد ہر ایک ۲ ماشہ ۔ سنگجراحت ۹ ماشہ ۔ سب دواؤں کو باریک پیس کر صبح و شام دانتوں پر ملیں صحت ہوگی ۔

نسخہ برائے ہضم طعام و دفع باد

(۱) نسخہ کہ کھانا ہضم کرتا ہے اور باد کو دور کرتا ہے :۔
گندھک آملہ سار دو تولہ ۔ اجوائن دو تولہ ۔ دونوں کو عرق گھیکوار میں کھرل کرکے جھڑبیری کے برابر گولیاں بنادیں اور کھانا کھانے کے بعد ایک گولی کھائیں ۔

(۲) دوا کہ طحال کو دفع کرتی ہے :۔ ریوند خطائی ۶ ماشہ ۔ سہاگہ ایک تولہ ۔ شورہ قلمی ایک تولہ ۔ نوشادر ایک تولہ ۔ گھیکوار کے عرق میں کھرل کرکے جھڑبیری کے برابر گولیاں بنادیں اور ایک گولی کھاویں اور طحال کو روغن سرشف اور سرکہ کے گرم کرکے ملیں ۔ غذا ۔ شوربا اور دال مونگ مقشر کھائیں ۔

(۳) نسخہ کہ ہاضمہ کو قوت دیتا ہے اور معدے کا مقوی ہے :۔ زنجبیل ۔ فلفل سیاہ ۔ قرنفل ۔ نمک سفید ۔ نمک سیاہ ہر ایک ۳ تولہ جوا کھار ۔ عمل بید ۔ لوٹہ سجی ۔ زیرہ سیاہ ۔ دانہ الائچی سفید ۔ پوست زردہ ۔ انزج

ہر ایک نیم تولہ - گندھک تولہ - آملہ سارہ مدبّر تولہ - اوّل گندھک کو روغن زرد میں داغ دے کر کوٹ کر عرق لیموں میں چار پہر کھرل کریں اور کنار دشتی کے برابر گولیاں بنا کر رکھیں - حاجت کے وقت ایک گولی کھائیں واسطے تقویت معدہ اور ہضم طعام کے بہت مفید ہے -

نسخہ برائے خفقان صفراوی و یرقان و حرارت

(۱) **نسخہ :-** کہ خفقان صفراوی و یرقان کو دُور کرتا ہے اور قلب و جگر و معدہ کو قوت دیتا ہے - تمر ہندی آدھ پاؤ - دانہ انار آدھ پاؤ - دونوں کو بوقتِ شب پانی میں تر کریں - صبح کو بے ملے صاف کرلیں اور مصری آدھ سیر ملا کر قوام کریں اور اُس قوام میں بُرادۂ صندل سُرخ ۲ تولہ اور بُرادۂ صندل سفید ۲ تولہ - کشنیز خشک تولہ - گُل سُرخ تولہ - تخم کاسنی تولہ - طباشیر ایک تولہ - الائچی خورد ایک تولہ - کوٹ چھان کر قوام مذکور میں ملا دیں - **خوراک** ایک تولہ - گرم اشیاء سے پرہیز کریں - یہ نسخہ بھی حکیم صاحب مذکور الصدر کا مجرب ہے -

(۲) **نسخہ شربت کہ دِق کو بہت مفید ہے :-**

تخم خشخاش تولہ - مغز بادام تولہ - گاؤزبان تولہ - سپستان تولہ - آملہ مقشر تولہ - پوست بلیلہ زرد تولہ - پوست ہلیلہ تولہ - شاہترہ تولہ - بنفشہ تولہ - نیلوفر تولہ - گل خیرہ تولہ سب دوائوں کو رات کے وقت تین پیالہ پانی میں تر کریں - صبح کو خوب جوش دیں - جب حصہ سوم پانی باقی رہے خفیف مل کر صاف کر کے ایک سیر مصری ملا کر قوام کرلیں - خوراک تین تولہ سرد پانی کے ساتھ دس روز اس شربت کے استعمال کرنے کے

بعد یہ قرص استعمال کریں:-

نشاستہ۔ گریچ الائچی۔ صندل سفید۔ مغز بادام ہر ایک تین تولہ۔ مصری سب دواؤں کے برابر کوٹ چھان کر قرص بمقدار دو ماشہ بنا دیں۔ خوراک:- ایک قرص شربت مذکور کے ساتھ کھائیں۔

(۳) حب سرخ:- تپ لرزہ والے کو ایک پہر نوبت سے پہلے پانی کے ساتھ دیں اور دوسرے مریض کو بھی پانی کے ساتھ کھلائیں:-

فلفل سیاہ آٹھ درم۔ گل ارمنی آٹھ درم۔ افیون ۳ ماشہ۔ صمغ عربی ۵ ماشہ۔ اوّل صمغ عربی کو پانی میں گھول کر سب دواؤں کو کوٹ چھان کر اس میں ملا کر گولیاں سیاہ مرچ کے برابر بنا دیں۔

(۴) حب زرد:- کہ تمام تپوں کو نافع ہے اور خاص کر وبائی تپ کو بہت مفید ہے اور نزلہ و غبار اور دردِ سر کو نافع ہے۔

تخم دھتورہ ۲ ماشہ۔ زنجبیل ۸ ماشہ۔ ریوند چینی ۸ ماشہ۔ صمغ عربی ۴ ماشہ گول مرچ کے برابر حب بنا دیں۔ خوراک:- ایک گولی صبح کے وقت کھائیں۔

(۵) حب سم الفار کہ تپ محرقہ کو دور کرتی ہے:- سنکھیہ سفید تولہ۔ سنگ بصری تولہ۔ کریلہ کے پانی میں چار پہر کھرل کر کے مونگ کے دانہ کے برابر گولیاں بنا دیں۔ تپ کو تین دن گذر جانے کے بعد ایک گولی دیں۔ اوّل یا دوسری گولی میں تپ دفع ہو جاتی ہے۔ اگر اس دوا سے گرمی محسوس ہو تو تخم خرفہ کا شیرہ پلا دیں مجرب ہے

فائدہ:- اس قسم۔ حار نسخوں سے احتیاط واجب ہے۔

مُردار سنگ کے کشتہ کرنیکی ترکیب

وَاسطے سُرخ باد و تلی و تپ تھپر و بادی مزاج کے

(۶) نسخہ ص :- مردار سنگ تولہ میدہ کر کے سجی کے پانی میں ڈال کر خوب کھرل کریں۔ جب خوب آمیز ہو جائے ایک رتی مسکہ کے ساتھ دیں اور اگر تپ نہ چھوڑے اور عرق نہ آوے تو شربت کاہو کے ساتھ دیں۔ فی الحال عرق آئے گا اور تپ دفع ہوگی۔

(۷) نسخہ چوتھیہ بخار کا۔ سنکھیہ سفید ایک خشت میں جو چار انگشت موٹی ہو گہرا کر کے پُر کر کے اُس کے اوپر دوسری خشت رکھ کر اُس کے اوپر پتھر رکھ کر چولھے پر رکھ کر بیری کی لکڑی کی آگ دیں۔ جب سرد ہو جاوے نکال کر پھر پانی میں کھرل کر کے مُونگ کے برابر گولیاں بنا کر رکھیں۔ نوبت کے دن چار گھڑی پہلے، نوبت سے ایک گولی پانی کے ساتھ دیں۔ اسہال اور قے ہو کر تپ دفع ہو جائے گی۔ اگر نہ ہو تو گائے کا دہی پلاویں تاکہ تپ چوتھیہ دفع ہو۔

(۸) ہر قسم کے بخاروں کی دوا :- مرکب تپ ہو یا بسیط اور تپ کہنہ کو مفید ہے۔ ص :- خر مہرہ زرد جلایا ہوا۔ انولہ سار ۶ ماشہ۔ تخم دھتورہ۔ سنکھیہ سفید کہ ہندو لوگ ٹھاکر دوارہ میں رکھتے ہیں۔ فلفل گرد۔ فلفل دراز۔ عاقر قرحا ہر ایک ایک تولہ۔ سب دواؤں کو خشک پیس کر باریک کریں اور ایک چاول شکر تری یا بتاشہ میں رکھ کر کھائیں تپ اور کھانسی بفضل خدا دفع ہوگی مجرب ہے۔

نسخہ جات وجع المفاصل وغیرہ

(۱) نسخہ وجع مفاصل بہت فائدہ کرتا ہے اور مجرّب ہے :۔
لعاب گھیکوار آدھ سیر۔ دارچینی ۲ تولہ۔ مصری آدھ سیر۔ روغن زرد پاؤ سیر۔ شیر گاؤ پاؤ سیر۔ سب دواؤں کو جوش دیکر معجون تیار کریں۔ خوراک ایک تولہ۔

(۲) جوڑوں کے درد کا نسخہ :۔ گل آگ ایک تولہ۔ اسپند سوختنی ایک تولہ۔ دونوں کو باریک پیسکر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔ اوّلاً شام کے وقت ایک گولی دودھ کے ساتھ کھائیں۔ اس کے اوپر غذا شیر گرم نوش کریں اور نان کھائیں اور ایک گولی نیم روز میں زیادہ کریں۔ تیسرے دن تین گولی چوتھے دن چار گولی کھائیں۔ غذا گرم دودھ نوش کریں اور کپڑا اوڑھے رہیں تاکہ عرق آوے شام کے بعد غذا کھائیں اور صبح کو دال مونگ و نان گندم کھادیں۔ اگر حاجت زیادہ ہو تو زیادہ کھلائیں۔

(۳) حلوا گھیکوار کہ واسطے دفع ریاح اور تمام دردوں کے مفید ہے :۔ لعاب کنوار گندل پارچہ سے چھان کر نیم سیر شیر گاؤ۔ نبات سفید ڈیڑھ پاؤ روغن آدھ پاؤ۔ دارچینی ۴ ماشہ۔ اوّلاً لعاب اور شیر مذکور دیگچہ میں ڈال کر پکا دیں اور کفچہ سے حرکت دیں کہ ایک ذات اور غلیظ ہو جائے پھر نبات کو ڈال کر کفچہ سے حرکت دیں کہ قوام ہو جائے۔ پس روغن کو کڑاہی میں ڈال کر داغدار کر کے دیگچہ میں ڈال کر حرکت دیں۔ جب غلیظ ہو جاوے دارچینی کوٹ چھان کر قدرے قدرے

ڈال کر ملاویں۔ پھر آگ سے اُتار کر سرد کر کے پاکیزہ برتن میں رکھیں۔ خوراک ایک تولہ مزاج کے موافق صبح و شام کھلائیں۔

نسخہ جات دافع دردِ سر مقوی دماغ

(۱) نسخہ کہ دردِ سر کے واسطے مجرّب ہے :- ہلیلہ زرد ۵ تولہ آملہ خشک تولہ۔ عاقر قرحا تولہ۔ اسطوخودوس تولہ۔ دارچینی تولہ۔ فلفل سیاہ تولہ۔ بادیان تولہ۔ کشنیز خشک مقشر۔ سنا مکی ۶ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ مصری ۱۵ تولہ۔ شہد خالص ۳ تولہ۔ سب دواؤں کو کوٹ چھان کر مصری اور شہد کا قوام کر کے ملا کر معجون تیار کریں خوراک ایک تولہ۔

(۱) نسخہ اسرار میں سے ہے :- اور موسوم بتریاق حرہ ہے اُس نزلہ کو کہ جس سے زخم پیدا ہو جاتے ہیں اور اطباء اُس کے علاج سے عاجز آجاتے ہیں اور نقرس اور خنازیر جس کو کنٹھ مالا کہتے ہیں دور کرتا ہے۔ پوست بیخ آگ دس تولہ۔ دارچینی ۲ تولہ مردار سنگ ۳ ماشہ۔ شنگرف ۳ ماشہ۔ سب دواؤں کو مرہم کے مثل صلایہ کر کے چودہ قرص تیار کریں اور ایک قرص اُس حقہ میں جس میں پانی نہ ہو۔ ہر اسے محفوظ جگہ میں نوش کریں اور روغنی ایک رطل گھی میں بھگو کر اس گھی کو نچوڑ کر غرغرہ کریں۔ انشاءاللہ تمام امراض مذکورہ دفع ہو جائیں گے اور بعض نے کہا ہے کہ ہر روز رات کو اطریفل کشنیزی کھایا کریں۔

(۲) ایضاً :- اُس نزلہ کو جس سے زخم پیدا ہوتا ہے دفع کرتا ہے

رسکپور ۴ ماشہ۔ فلفل سیاہ آٹھ ماشہ۔ خولنجاں ۱۶ ماشہ سب کو باریک کیجئے پندرہ خوراک کریں۔ فقط سوداوی چیزوں سے پرہیز کریں۔

(۳) **ایضاً**: معجون کہ دماغ کو قوت دیتی ہے اور ماءالجبن کے مقابلہ میں ہے گائے کا دودھ ۱۲ سیر۔ نبات سفید آدھ سیر۔ چھوٹی الائچی تولہ۔ بنسلوچن تولہ۔ دارچینی تولہ۔ روغن زرد پاؤ سیر۔ پہلے شیر کو روغن زرد کے ساتھ جوش دیں۔ جب دونوں ایک ذات ہو جائیں مصری ملاکر قوام کریں۔ بعد [illegible] کے باقی ادویہ ڈال کر معجون تیار کریں۔ **خوراک** ایک تولہ۔

(۴) **ایضاً**: دانہ گندم بریاں کر کے سرد پانی میں ڈال کر سرد کریں پھر سایہ میں خشک کریں پھر شکر تری اور روغن زرد ملاکر رکھیں۔ **خوراک**: ۴ تولہ ہر روز۔ مجرب ہے اور مقوی دماغ ہے۔

(۵) **نسخہ تقویت دماغ کے واسطے**: مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ بادام۔ مغز کدو۔ مغز اخروٹ۔ نارجیل۔ خشخاش سفید ہر ایک ایک تولہ۔ مغز خیارین دو تولہ۔ مغز خربزہ ایک تولہ۔ مغز ہندوانہ دو تولہ۔ مویز منقہ دو تولہ۔ مغز کشنیز تین تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ایک تولہ۔ پوست ہلیلہ ایک تولہ۔ پوست آملہ ایک تولہ۔ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ طباشیر ۶ ماشہ۔ ورق نقرہ ایک ماشہ۔ نبات سفید دو چند تمام ادویہ نبات کا قوام کر کے باقی دوائیں کوٹ چھان کر ملاکر معجون تیار کریں۔ **خوراک** ایک تولہ صبح و شام۔ مجرب ہے۔

(۶) **دوا کہ نزلہ کو روکتی ہے**: مغز بادام۔ اسطوخودوس۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز خربزہ۔ مغز اخروٹ۔ مغز تخم بادرنگ۔ مغز تخم کدو۔ شیریں

خشخاش سفید - مغز پنبہ دانہ - مغز نارجیل - پوست ہلیلہ کابلی - پوست ہلیلہ زرد - ہر ایک ڈھائی تولہ - ہلیلہ سیاہ ۶ ماشہ - مغز کشنیز تولہ - بنفشہ ۶ ماشہ - گاؤزبان ۴ ماشہ - طباشیر دانہ الائچی خورد ۳ ماشہ - نبات سفید سہ چند جملہ ادویہ - سب ادویہ کو کوٹ چھان کر نبات سفید کا قوام کر کے معجون بنا دیں - خوراک :- ایک تولہ - مجرب ہے -

(۷) حب کہ کھانسی کو بہت نفع دیتی ہے اور نزلہ کو روکتی ہے - نسخہ :-
صمغ عربی - رب السوس - خشخاش سفید - افیون ہر ایک ایک ماشہ کوٹ کر لعاب بہی دانہ میں چنے کے برابر گولیاں بنا دیں اور ایک گولی منہ کے ساتھ کھائیں -

نسخہ برائے استحاضہ

(۱) نسخہ استحاضہ کا :- زیرہ مدبر ۲ تولہ - سونٹھ ۶ ماشہ - اجوائن ۲ تولہ - مصری ۶ درم - شہد ۶ درم - مصری اور شہد کا قوام کر کے ادویہ کوٹ چھان کر ملا کر معجون تیار کریں - خوراک ایک تولہ -

(۲) نسخہ برائے استحاضہ :- ٹاٹ کہنہ کی راکھ کی نسوار دیں - بحرین اور استحاضہ کو روکتا ہے اور مجرب ہے -

(۳) دوا کہ خونی دست کو دفع کرتی ہے جو کہ جمالگوٹہ کی گرمی سے جاری ہوتا ہے - گتھ سفید میں کر ایک پیالہ پانی میں تر کریں - اور یہ پانی صاف لیکر نوش کریں - انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی -

(۴) تدبیر باہر لانے پارہ خام اور رسکپور وغیرہ :-
دوا سمی جو بدن میں بند ہو کر اعصاب کو پکڑ لیتی ہے اور اس سبب سے جوڑوں کا حرکت

کرنا دشوار ہوتا ہے سانس کے باہر لانے کا طریقہ یہ ہے :-

ریٹھہ کو مبادہ کر کے پانی میں تر کریں پھر مل کر عرق لیکر تھوڑا پانی ملا دیں دوا کا خلل بالکل دور ہو جائے گا۔ مگر ایکبارگی نہ پلا دیں کہ دوا بہت سخت ہے آہستہ آہستہ دیں۔

متفرقات

حرارتِ جگر کا مجرب نسخہ :- قلعی ۵ تولہ مٹی کے برتن میں رکھ کر مہندی اور اجوائن یا کمہ چمچہ پھیر کر خاکستر کریں پھر چاول کے پانی میں خوب پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں خوراک ۲ گولی اگر ملین اور جلاب مقصود ہو تو تھوڑا اُس قلعی سے لیکر لیموں کے پانی میں خمیر کر کے کٹھالی میں آگ پھونکیں پھر روغن اخروٹ ڈال کر بدستور پھونکیں تاکہ سرخ ہو جاوے۔ اس دوا کا ایک حبہ اسہال قوی لاتا ہے۔ اگر افراط اسہال کو بند کرنا چاہیں تو حب اول سفید دیں مجرب ہے۔

نسخہ باہ کو نافع ہے :- اور سیلان منی کو روکتا ہے اور ہاضمہ کو قوت دیتا ہے

ریش درخت بڑھ آٹھ ماشہ۔ سنائے مکی ۴ درم۔ دونوں کو علیحدہ علیحدہ کوٹ کر سن کے کیسہ میں نصف سناء کے اور نصف ریش بڑھ کو بچھا کر اُس کے اوپر ایک روپیہ رکھ کر باقی ریش و سناء کو بچھا کر تھیلہ سی کر بائیس سیر یا چکدشتی کے آگ دیں۔

قلعی یعنی سجی کے نمک بنانیکا طریقہ :- کھار ایک سیر پانچ سیر پانی میں تین روز تر کریں۔ پھر صاف پانی لیکر پانی مذکور کو کڑاہی میں پکاویں پانی جل کر نمک ہو جاویگا۔ اس نمک کو کام میں لاویں یہ ہضم طعام اور دانتوں کے درد اور دفع بلغم کے واسطے مجرب اور آزمودہ ہے۔

نسخہ واسطے آتشک اور بادی بلغم اور قروح خبیثہ کو بہت مفید ہے :-

نکچھکنی ایک تولہ۔ جماگوٹہ مقشر سبزی دور کیا ہوا ایک تولہ۔ آرد نخود دو تولہ۔ کلونجی دو تولہ۔

نکچھکنی وجمالگوٹہ کو مبدہ کر کے علیحدہ رکھیں - آرد نخود اور کلونجی کو مبدہ کر کے شیر زقوم میں تر کر کے
قرص باندھ کر کڑاہی آہنی میں رکھ کر روغن کا خالص استند ڈالیں کہ روغن قرص کے اوپر آجائے
اور نیچے آگ روشن کریں اور قرص مذکور کو لکڑی سے حرکت دیتے رہیں تاکہ ریزہ ہو جائے پس نکچھکنی و
جمالگوٹہ منتشر کو فتہ قرص پر ڈالیں اور لکڑی سے حرکت دیں کہ مخلوط ہو جائے نیچے اُتاریں اور نگاہ
رکھیں - ایک تولہ یا کم خشک مزاج کو سرد پانی کے ساتھ کھلا دیں - اگر بلغمی مزاج ہو گا قے آئیگی
اگر بعد قے کے متلی رہے سرد پانی پلائیں اور ہر وقت سرد پانی نوش کریں اور اگر نہ آوے
پھر بھی آب سرد پلا دیں - جب یہ دوا کھلا دیں گے اور دو مرتبہ دیں گے اللہ تعالیٰ
شفا دے گا - اور سرد مزاج کو سرما میں یہ دوا دیں اور جذام کا بھی یہ معالجہ ہے -

فائدہ یہ دوا بہت سخت ہے سمجھ کر استعمال کریں -

ابرک کا کُشتہ - ابرک جس قدر ہو لیکر رکھیں - اوّل ماش کا آٹا ایک چھٹانک
پانی ڈالکر انگشت سے گھول کر چھوڑ دیں تاکہ خالص پانی تیزاب نکل آئے اور پختہ تیزاب
خالص ہو - اُس تیزاب کے ساتھ ابرک کو ریزہ ریزہ کر کے کھرل کرے تاکہ چمک دُور ہو
جائے - پس قرص بنا کر ایک بوجھا سرگین کا دیں - جب دھواں موقوف ہو جائے اُس آگ
کے ذریں قرص کو رکھ آگ میں پوشیدہ کر دیں - جس وقت پوشیدہ ہو جائے مزاج کے موافق
عمل میں لائیں - جسقدر سرگین زیادہ ہو بہتر ہے -

تمت بالخیر